برائے صحت و قوت
مجربات
بو علی سینا
حکیم بو علی سینا کے
چند بیش بہا تحفے
نسخے و دوائیں اور ہدایات
AHAKEEM
نو بہار بک ڈپو اندرون لوہاری گیٹ لاہور

براے صحت و قوت

مجربات بو علی سینا

نسخے و دوائیں اور ہدایات

حکیم بو علی سینا کے چند بیش بہا نسخے

:- تالیف :-

صوفی وارثی میرٹھی

قیمت :- ... ... دس روپے

:- ملنے کا پتہ :-

نونہال بک ڈپو اندرون لوہاری گیٹ لاہور

رائے

علامہ صوفی وارثی میرٹھی صاحب کی علمی فنی بصیرت قابلِ ستائش ہے کہ انہوں نے طب کی تیسری کتاب بندہ کو پیش لفظ لکھنے کے لئے دی ہے۔ پہلی کتاب میرے تبصرے کے مطابق صحیح ثابت ہوئی ہے۔ اُمید ہے زیر نظر کتاب بھی اپنی افادیت کے لحاظ سے دُکھیا دُنیا کے لئے پیغام صحت ثابت ہوگی

حکیم سعید احمد پھلوری
وائس پریذیڈنٹ پنجاب پراونشل طبی کانفرنس
لاہور

۷۸۶

خدائے تعالیٰ کی تعریف سے انسان کے سلیقے کا ظہور ہوتا ہے۔ اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی توصیف درود خوانی سے خدائے تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے۔ کسی ماہر فن کی مدح سرائی یا سوانح عمری لکھنے یا بیان کرنے سے دلائی جاتی ہے کہ

روتی ہے بلبل کہ نیرنگِ جہاں کچھ بھی نہیں
یہ زمیں کچھ بھی نہیں یہ آسماں کچھ بھی نہیں

دنیا کے مشہور حکیم و طبیب مستند ماہرِ فن بوعلی سینا ہی کو دیکھ لیجیے کہ شیخ نے کیسی کیسی بہترین تصنیفیں فنِ طب کی چھوڑیں۔ جو آج زمانے کے لئے قانون کا کام دیتی ہیں۔

قانون شیخ الرئیس کے نام سے بھی ایک کتاب ناظرین حضرات کی نظروں سے گذری ہوئی یہ مشہور طبیب یہ ماہر فن حکیم ۳ صفر ۳۷۳ھ یعنی چوتھی صدی میں خوشیسن نامی ایک معمولی جگہ پیدا ہوا۔ شیخ کے باپ عبداللہ نے جو بلخ کے ممتاز

حلقوں میں ایک فرد تھا اپنے بچے کا نام حسین رکھا۔ مؤرخین کے
قول کے مطابق عبداللہ کی بیوی ستارہ نامی حافظِ قرآن بھی تھی
حسین وجمیل، عصمت پناہ بھی، ادب آگاہ بھی، شادی کے کچھ دن
بعد شیخ نے جنم لیا اور پانچ سال کی عمر ہونے پر ایک مُلّا کے سپرد کر
دیئے گئے۔ چونکہ شیخ ابتدا ہی سے ذہین فہم تھے، ہر بات ہر ہدایت
کو ایسا ذہن نشین کر لیتے تھے کہ خود ان کا استاد بھی ان حالات
سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ اُدھر شیخ کی علمی قابلیت مختلف
فنون میں بڑھتی گئی کیونکہ :۔ ؎

مے تافت ستارۂ بلندی
بالائے سرشت زہوشمندی

ریاضی، فلسفہ، ادب، فقہ، حدیث، جبر و مقابلے میں،
شیخ کے استادوں نے شیخ کو جب اچھی طرح ماہر بنا دیا تو
پھر حکمت و طب کی طرف توجہ کی، یہ خصوصیت بھی شیخ کی کم
اہم نہیں ہے کہ تمام علوم و فنون میں مہارت کبھی کسی فردِ واحد
کو نہیں ہوتی مگر شیخ ہر فن میں ماہر و مالک نکلے اور ایسا کیوں نہ
ہوتا جب کہ شیخ کے اساتذہ کرام میں عبداللہ ناتلی جیسے مشہور
اور مستند لوگ بھی ہوں۔ فنِ اقلیدس میں شیخ نے مشکل سے

دو تین مقابلے پڑھے ہوں گے کہ خود بخود تمام شکلیں حل کر کے رکھ دیں، استاد بھی حیران رہ گئے۔ شیخ کی حکمت و دانش اور نکتہ فہمی اس امر کا بیّن ثبوت ہے کہ قدرت نے دانش و حکمت جیسی نعمت عظمیٰ کا شیخ کے سر سہرا باندھا تھا اور شیخ ہی اس کے لئے معذور تھا غرض یہ ہی نہیں بلکہ دوسرے علوم بھی شیخ کے سامنے پانی ہو کر رہ گئے۔

شیخ ہر فن میں اس کے موجد سے کسی طرح کم رہنا پسند نہ کرتے تھے، اس لئے وہ خاص توجہ اور دلچسپی سے ہر علم میں حصہ لیتے تھے اس زمانے کے لوگ شیخ کی قابلیت دیکھ دیکھ کر متحیر تھے۔ مشہور ہے کہ منڈا ہو جوگی اور پسی ہوئی دوا پہچانی نہیں جاتی۔ مگر کہتے ہیں کہ یہ خصوصیت بھی شیخ میں تھی کہ وہ ہر پسی ہوئی دوا کی چٹکی زبان پر رکھ کر ذائقہ سے ہی تمام مفردات کا پتہ لیتے تھے۔ اللہ اکبر۔

شیخ کی والدہ کا قول ہے کہ بچپن میں شیخ ہر بات کی تہہ کو پہنچنے کے لئے کب؟ کیوں؟ کیسے؟ نہ ختم ہونے والے اور الجھن میں پھنسا دینے والے سوالات کرتے تھے۔ آپ کی والدہ بھی آپ کی منطق سے پریشان نہیں ہوتی تھیں، بلکہ آپ کو بڑی شفقت سے مطمئن

فرما کر ہی رہ جاتی تھیں ۔ احمد جان سامانی جو شیخ کے اساتذہ میں
سے ہیں شیخ کی ذہانت کے بغایت درجہ مدح سرا ہیں کہ اشارہ،
ہی اشارہ میں شیخ مطلب سمجھ جاتے تھے ۔ محمد عادلقال جو شیخ کا ا
ستاد ریاضی تھا وہ کہتا ہے کہ میں حیران ہوں کہ ریاضی کے وہ ۔
سوالات جو بڑے بڑے ریاضی دانوں سے مشکل سے حل ہوتے تھے
شیخ انہیں لمحوں میں حل کر لیتے تھے ۔ فقہ میں حضرت اسمعیل زاہد شیخ
کے استاد تھے ۔ اگرچہ شیخ ہر علم وفن کے ماہر تھے مگر رجحان طبیعت آپ
کا طب کی طرف تھا ۔ اور بقول شیخ حضرت ابو المنصور بن نوح القمر
فن طبابت میں آپ کے اُستاد تھے ۔ آغاز حصول طب کے ایّام
میں شیخ نے ایک چھوٹا سا رسالہ طبی لکھا جس میں اجزائے نفاذ عمل
کو بہترین طریقہ سے بیان کیا ہے ۔ آپ کا قول ہے کہ طب صرف
پڑھنے سے نہیں آتا جب تک عملی طور پر تجربہ بھی نہ ہو جائے سب
سے زیادہ حیرت انگیز بات جو ہے ، وہ یہ ہے کہ باوجود اتنی
ذہانت اتنی قابلیت اتنی ہمہ دانی کے جو دنیا میں مسلّمہ طور پر مانی
ہوئی تھی ، شیخ کی زیادہ سے زیادہ عمر اس وقت انیس سال سے
سے چند ماہ کم تھی جب ان سے کہا کہ اپنا سن و سال بتا دو ۔ وہ بولے
تو اور ملا دیجئے اس میں رفتہ رفتہ شیخ کی شہرت قرب وجوار میں بڑھ گئی ۔

نوح بن منصور سامانی جو اس علاقے کا حاکم تھا اس کے گلے میں
ٹھوڑی کے نیچے کوئی پھنسی ہوئی جو متورم ہو کر پک بھی گئی حاکم نے حضرت
کو بلوایا اور بڑا زر و جواہر کا لالچ دیا اور درخواست کی کہ میں کوئی لگائی
بھی نہیں چاہتا اور کھائی بھی نہیں چاہتا۔ اپریشن کرانے سے ڈرتا ہوں آپ
کوئی ایسی دوا دیجئے جسے دیکھ کر ہی مجھے آرام ہو جائے ؎

وہ نرالے ہیں ضدیں بھی ہیں نرالی ان کی
اس پہ مچلے ہیں کہ ہم دردِ جگر دیکھیں گے

شاہی گروہ اطبار کا گروہ بھی موجود تھا۔ شیخ نے کہا، اچھا قلم دوات
منگواؤ۔ پھر شیخ نے عمداً اس طرح کہ حاکم بھی تحریر پڑھتا رہے لکھنا شروع کیا
اپنے استاد کو کہ حضرت میں نے پہنچ کر شاہ کا ایسا بہتر علاج کیا کہ اسے فوراً
آرام آگیا۔ یہاں تک شیخ نے لکھا شاہ پڑھ ہی رہا تھا وہ مغلوب الغضب ہو کر
چیخا کہ یہ کیا فریب ہے جو تو کر رہا ہے۔ آپ نے دیکھا تو غصے میں گلے کی رگیں
اس قدر پھولیں کہ پھنسی پھوٹ چکی تھی اور مواد بہہ رہا تھا آپ نے فوراً کپڑا
منگوا کر مواد صاف کیا کہ جناب آپ کی شرط کے مطابق علاج کر رہا تھا۔ وہ
بہت خوش ہوا اور شیخ کو اپنی مصاحبت کے لئے منتخب کر لیا۔ شاہی دربار
میں رہ کر شیخ کو شاہی کتب خانے سے بھی استفادہ حاصل ہوا اور اس قدر
کتب کا مطالعہ کیا کہ وہ جملہ علوم میں کامل ہو گیا۔ جیسا کہ شیخ کی تصانیف

سے ظاہر ہے شاہ کے مرنے پر سلطنت سلطانی کا دور دورہ ختم ہوا۔ غزنی خاندان کا عروج شروع ہوا۔ ادھر شیخ کے والد ماجد کا انتقال ہو گیا۔ اس صدمہ کی تاب نہ لا کر شیخ گھر سے نکل کھڑے ہوئے اور ابی الحسن سہیلی شاہ خوارزم کے دربار میں پہنچے وہ علم دوست تھا اس نے شیخ کو ہاتھوں ہاتھ لیا کیونکہ، اُسے معلوم ہو چکا تھا کہ یہ شیخ نہیں ہیں شیخ آرام سے ایک عالی شان مکان میں معقول مشاہرہ پہ عزت و احترام سے رہنے لگے۔ ع :۔

کسی کا بھی عیش اس کو بھاتا نہیں

آسمان ناہنجار نے پھر انقلاب کی ٹھہرا دی۔ سلطان محمود غزنوی حملہ آور ہوا اس نے جان توڑ کر مقابلہ کیا مگر شکست کھائی، محمود خود بہادر تھا۔ اس کو شاہ خوارزم کی دلیری پسند آئی اور اپنا صوبہ بنا کر واپس لوٹ گیا۔

شیخ کی شہرت اور ترقی کے ساتھ ساتھ فطرتی امر تھا کہ حاسدوں کی تعداد بھی بڑھتی گئی، محمود غزنوی کے کانوں تک کسی نے یہ بات پہنچا دی کہ بو علی سینا بڑا متعصب شیعہ ہے اگرچہ یہ غلط ہے شیخ پکا سنّی ہے۔ اور شیعہ سنّی کا کیا جھگڑا آج کل تو مسلمانوں کو رواداری سے رہنا چاہیئے، مگر صاحب تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔ یہ ایک قطعہ ہے :۔

قطعہ

ہیں ابوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ محترم
ان کے دم سے دین کی دنیا میں ہے قائم وقار

انا الحق آیا میں صوفی و لم قی برحق مگر
لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار!

غرضیکہ سلطان محمود غزنوی نے آپ کو طلب کیا، مگر شیخ اپنے علم پر نازاں تھے
آپ نے جانے سے انکار کیا اور خوارزم بھی چھوڑ دیا شیخ کے ہمراہ اس کا ایک
رفیق تھا جس نے بیوفائی کی اور شدائد سفر سے تنگ آکر انتقال کر گیا۔ شیخ
نے بڑا افسوس کیا اور ملال کیا، اور پھر مختلف جگہوں میں سے ہوتے ہوئے جرجان
پہنچ گئے۔ وہاں آپ نے مطلب بھی شروع کر دیا اور بڑے بڑے معرکے کے علاجوں میں،
نمایاں کامیابی حاصل کی تو شہرت بڑھنے لگی جرجان میں سلطان قابوس حکمران تھا۔ اس کا
بھانجہ بیمار ہوا اور جب دوسرے اطباء اس کے علاج سے عاجز آگئے تو مصاحبین کے
ذریعے شیخ کو طلب کیا نوجوان مریض کو دیکھتے ہی شیخ تاڑ گئے کہ مریض عشق پر رحمت خدا کی
شیخ نے بادشاہ سے کہا کہ کوئی شخص بلایا جائے جو شہر کے ہر فرد سے واقف ہو!
اور ہر محلے کے ہر مکان کے باشندوں سے واقف ہو فوراً حاضر کیا گیا۔ شیخ نے
اس سے کہا کہ شہر کے ہر محلہ کا نام لئے جاؤ ادھر شیخ نے مریض کی نبض پر ہاتھ
رکھا ایک محلے کا نام لینے پر شیخ کو نبض کی حرکت میں تبدیلی معلوم ہوئی پھر شیخ نے
محلے کے مکانات گنوائے اس میں بھی ایک مکان کے نام پر نبض میں تبدیلی محسوس
ہوئی پھر ایسا شخص جو اس مکان کے ساکنوں سے واقف تھا بلوایا گیا، اور اس سے
نام پوچھے گئے۔ ایک لڑکی کے نام پر پھر مریض کی نبض میں تبدیلی محسوس ہوئی، اور
اس مرتبہ شدت سے اضطراب ہوا تو شیخ نے سلطان قابوس کو بتلا دیا کہ شہزادے
کو کوئی مرض نہیں البتہ مریض عشق ہے اور اس کا معشوق فلاں ہے فلاں محلے

فلاں مکان میں رہتا ہے سلطان نے تصدیق کیا سب صحیح نکلا پھر سلطان نے شیخ کو اپنے سینے سے لگایا اور غزنوی سے بھی سفارش کی ۔ اطمینان کی سانس ہونے پر چند روز گزرے کہ سلطان قابوس کو ایک غنیم نے آکر قید کر لیا۔ شیخ اپنی جان بچا کر کردستان کی طرف فراری آئے اور یہیں شیخ نے اپنی تصانیف مرتب کیں پھر شیخ بیمار ہو گئے اور زمانے کی ناموافقت نے آ دبایا عبدالواحد جرجانی نے جو کہ ایک شاگرد تھا جو اس زمانے میں شیخ کی خدمت میں رہتا تھا، ایک شاگرد محمد شیرازی تھا جس نے شیخ کو اپنے قریب ہی میں ایک مکان خرید دیا اب پھر شیخ نے تصانیف کا شغل شروع کر دیا۔ شیخ خود اپنی افتاد طبع سے مجبور تھے اکثر وہ یہاں سے بھی نخوشی رے کی طرف چل پڑے اور زمانہ مجد دولہ پہنچے تو بڑی عزت ہوئی۔ مجد الدولہ کو مالیخولیا ہو گیا جو شیخ کے علاج سے ہی صحت یاب ہوا۔ اور شیخ کی مالی حالت سنورتی چلی گئی۔ قزوین پہنچے پر وزارت بھی کی مگر تاج الدولہ کے انتقال پر چھوڑی۔ اس کے وزیر نے ادھر کی ادھر لگا کر شیخ کے خلاف فضا برہم کی اور شاہی حکم سے شیخ کو گرفتار ہو کر قید ہو گئے۔ پھر بعد رہائی شیخ ہمدان کو چھوڑ گئے اور صوفیوں کی صحبت اختیار کی۔ اور رنگے ہوئے کپڑے پہننے شروع کر دیئے اور اپنے شاگرد ابو عبداللہ کی صحبت میں اصفہان پہنچے۔ سلطان علاؤالدین کو خبر ہوئی تو اس کے ارکان سلطنت کو بہر حال استقبال کو بھیجا اور بڑے احترام سے شیخ کو عدارات د

احتشام رکھا یہاں شیخ کا مطب بھی خوب چلا۔ تقاریر اور لیکچر کا سلسلہ بھی جاری رہا
تلامذہ کی جماعت بھی بنی، کتابیں بھی تصانیف ہوئیں۔ سوئے اتفاق بقول سعدی علیہ الرحمۃ

گاہے گلہ بسلامے برنجند وگاہے بدشنامے خلعت دہند!

سلطان برہم ہوگیا، غرض اُن کی زندگی بھی عجیب زندگی تھی، جو کبھی چین سے
نہیں گذری۔ مورخین کی رائے میں شیخ چار گھنٹہ سے زائد کبھی عمر بھر نہیں سوئے لیل و نہار
کے باقی ۲۰ گھنٹے تعلیم و تعلّم یا نوشت و خواند میں بسر کیے۔ شیخ قولنج کا علاج بڑے دعوے
سے کرتا تھا اور اس کے متعلق اس کی کافی تحقیقات تھی، مگر اتفاق دیکھئے کہ شیخ کی موت
کا باعث بھی یہی درد قولنج بنا۔ مرنے کے پیشتر شیخ نے غسل کیا اپنا پیسہ خیرات کر دیا اور کہا
اب مجھے کسی علاج و دوا سے فائدہ نہ ہوگا۔ لوگو دعا کرو کہ میرا خاتمہ ایمان پر ہو۔
یہ بھی امر واقعہ ہے کہ شیخ مرض الموت میں مبتلا ہونے پر اکثر اوقات تلاوت میں
بسر کرتا تھا اور توبہ استغفار پس شیخ کے انتقال کا مہینہ رمضان المبارک ہے اسی مہینہ
میں یہ کتاب لکھی جارہی ہے، جمعہ کا دن تھا ۴۲۶ھ تھا شیخ نے عمر بھی ترپیٹھ سال
اور اٹھائیس سال اس نے سنت ادا کی۔

(الّا بس باقی ہوس)

شیخ الرئیس کے ارشادات

احتشام رکھا یہاں شیخ کا مطب بھی خوب چلا۔ تقاریر اور لیکچر کا سلسلہ بھی جاری رہا تلامذہ کی جماعت بھی بنی، کتابیں بھی تصانیف ہوئیں۔ سوئے اتفاق بقول سعدی علیہ الرحمۃ

گاہے بگلے بسلامے برنجند وگاہے بہ دشنامے خلعت دہند!

سلطان برہم ہو گیا، غرض ان کی زندگی بھی عجیب زندگی تھی، جو کبھی چین سے نہیں گذری۔ مورخین کی رائے میں شیخ چار گھنٹہ سے زائد کبھی عمر بھر نہیں سوئے لیل و نہار کے باقی ۲۰ گھنٹے تعلیم و تعلم یا نوشت و خواند میں بسر کیے شیخ قولنج کا علاج بڑے دعوے سے کرتا تھا اور اس کے متعلق اس کی کافی تحقیقات تھی، مگر اتفاق دیکھیے کہ شیخ کی موت کا باعث بھی یہی درد قولنج بنا۔ مرنے کے قریب شیخ نے غسل کیا اپنا پیسہ خیرات کر دیا اور کہا اب مجھے کسی علاج و دوا سے فائدہ نہ ہوگا۔ لوگو دعا کرو کہ میرا خاتمہ ایمان پر ہو.

یہ بھی امر واقعہ ہے کہ شیخ مرض الموت میں مبتلا ہونے پر اکثر اوقات تلاوت میں بسر کرتا تھا اور توبہ استغفار پس شیخ کے انتقال کا مہینہ رمضان المبارک ہے اسی مہینہ میں یہ کتاب لکھی جا رہی ہے، جمعہ کا دن تھا سنہ ۴۲۶ھ تھا، شیخ نے عمر بھی تریسٹھ سال اور اٹھائیس سال اس نے سنت ادا کی.

(اللہ بس باقی ہوس)

شیخ الرئیس کے ارشادات

● محبت کے لحاظ سے ہر باپ یعقوب اور ہر بیٹا یوسف ہے۔

- اپنے دوستوں کی ہر خطا نظر میں رکھنے کے لئے دشمنوں کی کمی ہے۔
- انتقام پر غور کرنے والا اپنے زخم تازہ رکھتا ہے
- زاہد وہ ہے جو دنیا سے محترز ہے۔ تقسیمِ رزق پر شاکر۔
- فقر خاموش فکر سے ہوتا ہے اور ذکر سے سرد زر
- بہترین قول ذکر بہترین فعل عبادت، بہترین عادت بردباری ہے
- ہر بات جو ذکر سے خالی ہو لغو ہے، خاموشی جو فکر سے خالی ہو سہو ہے۔ ہر نظر جو عبرت سے خالی ہو لہو ہے،
- ناقص عقل وقت گناہ مغلوب ہو جاتی ہے۔
- خوشحالی و بدحالی حد سے زیادہ بُرائی کی موجد ہے!
- کسی نے پوچھا بھائی بہتر ہے یا یار۔ کہا بھائی اگر یار ہو۔
- مباحثہ صیقل عقل ہے اور جاہلوں کے لئے تخم عداوت
- جہاں تک ہو محال طلب نہ ہو۔
- قلتِ کلام کا کثرتِ کلام سے اندازہ کر
- تادیب دنیا سے رہ صواب نہ اختیار کریگا۔ تو عذاب میں مبتلا ہوگا۔
- حسن اک تنہائی کی سلطنت ہے۔
- اتنا کھاؤ جتنا ہضم کر سکو، اتنا پڑھو جتنا جذب کر سکو
- زندگی میں خوفِ مرگ، شدتِ مرض، ذلت قرض سخت ہیں

و نظر جب تک نہ اٹھے پاک ہے۔

و خواہشِ نفس طائر فی القفص ہے جاتی ہے۔

و فاسد تونگری، مصائب امان سے بُرے ہیں

و بیماریوں میں بُری دل کی بیماری، اور سب سے بُری دلآزاری ہے۔

و صحیح البیان، شیریں زبان، فصیح البیان ہونا بہترین خوبی ہے

و دل سیاہ ہو تو چمکتی آنکھ کچھ نہیں۔ (ابو علی سینا)

عبرت خیز:۔ سنتے ہیں شیخ کو خدا نے یہ ملکہ عطا کیا تھا کہ وہ ہر پسی ہوئی دوا کو زبان پر رکھ کر اس کے فوائد علیحدہ علیحدہ لکھوا دیا کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ اُن کو بیت الخلاء میں ایک روز نجاست میں کیڑے کلبلاتے نظر پڑے تو انہیں خیال ہو کہ خدا نے انہیں بھی کیوں پیدا کیا ہے اس واقعہ کو جب کچھ روز گذر گئے تو ایک شخص مرض چشم کا مریض آیا اُسے شیخ کی دوا سے کچھ آرام نہ آیا اور ایک بازاری طبیب کی دوا سے فوراً صحت ہو گئی شیخ کو خبر ملی تو متعجب ہوئے، اور خود جا کر وہ دوا آنکھ میں لگائی، پانی جو آنکھ سے نکلا اُسے چکھا، چکھ کر تمام دوائیں شیخ نے لکھوا دیں۔ ایک دوا سمجھ میں نہ آئی تو کسی نے خواب میں کہا۔ جو دوا سمجھ میں نہیں آئی، وہ وہی کیڑا ہے جسے تو فضول کہتا تھا حالانکہ فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ اس روز سے شیخ نے توبہ استغفار کے بعد یہ سمجھ لیا کہ بیشک خدا کی قدرت المثالی ہے

مرضِ قولنج کا علاج:۔ شیخ گویا قولنج کے درد کا بہترین معالج تھا، اور بہتر بیہودہ علاج کرتا تھا یہ اور بات ہے کہ شیخ کی موت بھی اسی مرض سے واقع ہوئی

مگر شیخ نے علاج جو درد قولنج کے لکھے ہیں وہ بہترین ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ لوگ اس نعمت سے محروم نہ رہیں۔

علاج:۔ قولنج کا دورہ پڑنے پر جس قدر ارنڈی کے بیج نگل لئے جائیں گے سالم شیخ کا ارشاد ہے کہ اتنے ہی سال، درد قولنج کا عارضہ نہ ہوگا۔ فقیر صوفی کا بھی یہی تجربہ ہے۔

دوسرے:۔ موم اور گڑ ہم وزن حالت درد میں موم گڑ میں پیٹ کر گولی بنا کر کھلا دو اور سونف کا عرق پلا دو درد فوراً کافور ہو جائے گا۔

غیر مطمئن بیویاں	مطمئن بیویاں
سست اور کاہل ہوتی ہیں۔ بیمار رہتی ہیں	شوہر کی آسائش کا خیال رکھتی ہیں۔
دوسروں کا سہارا ڈھونڈتی ہیں۔	لڑائی جھگڑے سے نفرت کرتی ہیں
شوہر کو ناراض رکھتی ہیں۔	اپنے گھر کی بات چھپاتی ہیں۔
بچوں کو صحیح تربیت نہیں دے سکتیں۔	تسلیم و رضا کی خوگر ہوتی ہیں۔
نوک جھونک رکھتی ہیں	دل شکن نہیں ہوتیں۔
باتیں بناتی ہیں	جزرس ہوتی ہیں،
صفائی پسند نہیں اپنی رائے کی پکی ہوتی ہیں	بچوں کو تربیت دیتی ہیں!
نظر فریب مناظر پسند کرتی ہے	قیمتی بھڑکیلے لباس پسند نہیں کرتی گھر بناتی ہیں۔
چلتی پھرتی رہتی ہیں۔	
فضول خرچ ہوتی ہیں!	شوہر کی وفادار ہوتی ہیں!

مرض	علاج
پیاری کی پھنسیوں کا علاج	زنک آمنٹ منٹ لگائیں
فوطوں کی سوجن	مقام ماؤف پر ٹکور کریں
فوطوں کی خارش	صفائی رکھیں زنک روئی پانی میں۔ بھگو کر لگائیں!
*	
خصیوں کا درد	برف سے ٹکور کریں۔

جریان واحتلام وسرعت انزال کے آجکل سو فیصدی لوگ مریض ہیں۔ سینما و ناول اور گانوں سے بھی یہ امراض ہو جاتے ہیں۔

عورتوں کی قسمیں

۱۔ پدمنی — ۲۔ چترنی — ۳۔ ہستنی — ۴۔ سنکھنی

پدمنی:۔ یہ عورت ہمہ صفت موصوف ہوتی ہے۔ نازک بدن، غنچہ دہن، شیریں گفتار، نیک کردار، تیز رفتار۔ خندہ رو، ملائم خو، نفیس مزاج خاوند سے محبت کرنے والی اور وفادار ہوتی ہے جہاں پیشاب کرے وہاں بھبھڑیں جمع ہوں

چترنی:۔ میانہ قد۔ اوسط اندام ہوتی ہے۔ صاحب غیرت، گانے بجانے کی شائق رنگین کپڑوں کی شوقین۔ ایک جگہ سکون سے نہ رہنے والی، معاشرت کی خواہاں،

ہستنی:۔ رانسے چلنے والی۔ گردن چھوٹی، پستان تیز۔ فرج جنگجو: پسینے

بدبو آئے۔ کڑوی اور نمکین چیزوں کی شوقین، ہم بستری سے کبھی سیر نہ ہونے والی بدمزاج

سنکھنی:۔ دبلی پتلی کینہ ور، زود رنج، غضبناک، ذرا میں رو دے

ذرا ہنس دے۔ جھوٹی ہر وقت ناپاک رہنے والی۔ پنڈلیوں میں بال بکثرت ہوں

اور تنگ دل ہوتی ہے ہر وقت جماع کی آرزومند،

بالغ لڑکی کی پہچان

جس لڑکی کی آنکھ میں سرمہ لگایا جائے اور آنکھیں سرخ ہو جائیں وہ جماع کی خواہشمند ہے

چودھویں صدی ہے۔ آج کل ذرا ذرا سے بچے وہ بات جانتے ہیں جو اب سے قبل لوگ جوانی میں بھی نہ جانتے تھے۔ اس لئے یہ ہدایت کرنی کہ ایسا کرو، ویسا کرو فضول ہے البتہ ملک خاص راز کی بات جسے شیخ الرئیس بھی تصنیفات میں لکھ گئے ہے

جو ذیل میں درج ہے:۔

اگر کسی شخص کو یہ چٹکلہ یاد ہو جائیگا تو اس سے کبھی کوئی عورت ناخوش نہ رہے گی، عورت کے جذبات قدرت نے قمری تاریخ کی مناسبت سے ہر عضو کو تقسیم کر دیئے ہیں جو صاحب ان اسرار سے آگاہ ہوتے ہیں وہ بہت جلد عورت کو، قابو میں کر لیتے ہیں اور عورتوں میں وہ بڑے مقبول ہوتے ہیں۔

پیاز اور امیر حبیب اللہ خاں والی کابل

پیاز	ابصل	غنصل	سلا	گنٹھی	گنڈا
اردو میں	عربی میں	طبی میں	ڈاکٹری میں	دیہاتی میں	پنجابی زبان میں

پیاز جنگلی اور بستانی دو طرح کی ہوتی ہے۔ جنگلی کے چوڑے ہوتے ہیں۔ اور تلخ ہے پیاز بستانی کی قسم دو ہیں۔ سُرخ اور سفید مگر ہر قسم کی خاصیت گرم ہے اگرچہ اس کا کثرت سے استعمال کرنا موجب اخلاط فاسدہ ہے مگر اطباء نے اس کا مصلح سرکہ اور نمک لکھا ہے۔ جنگلی پیاز میں اک قسم کی سمیٹ ہوتی ہے۔ اس لئے اسے استعمال نہیں کرنا چاہیئے اصل یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی ہر نعمت کا شکریہ انسان سے نہیں ہوتا۔ دیکھئے پیاز ہی کو لیجئے بہایت کم قیمت، ہر وقت ہر گھر میں موجود سہل الحصول اور کثیر المنفعت ہے دنیا کما حقہ اس کے فوائد سے بے خبر ہے ورنہ اس قدر بے قدری نہ ہوتی جو پیاز کا ہمیشہ استعمال کرنے والے ہیں انہیں کبھی دانتوں کے امراض بدہضمی کی شکایت نہیں ہوتی دسترخوان پر ہمیشہ پیاز زینت بنی رہتی ہے۔

امیر حبیب اللہ خاں والئی کابل کے سیاحت کے زمانے میں ہمیں یاد ہے کہ میرٹھ کے اک رئیس کی طرف سے بمقام شاہدرہ اس کی ایک دعوت کی گئی تھی دعوت میں ہمہ قسم کے تکلفات تھے ہزاروں قسم کے مربے، چٹنیاں اچار دسترخوان پر دکھائی دیئے۔ کھانے کے دوران امیر صاحب کی نظر نے دسترخوان کا جائزہ لیا۔ کیا تلاش ہے۔ فرمایا پیاز کا کچھ حصّہ۔ حسبِ اتفاق یہی دسترخوان پر نہ تھا۔ پس آپ نے اسی وقت کھانا ختم کر دیا اور درحقیقت میں مفید ہونے کے علاوہ پیاز کا کچومر ہونا بھی خوش ذائقہ ہے۔ ہم دیہاتوں کو دیکھا ہے کہ وہ روٹی نمک اور پیاز سے کھا لیتے ہیں ہوتے تو ہیں دیہاتی بے پڑھے لکھے مگر دیکھئے پیاز کے فوائد سے واقف

وہ بھی آشنا ہیں ذیل میں ہم چند فوائد خصوصی پیاز کے درج کرتے ہیں۔ امید ہے کہ ناظرین فائدہ اٹھائیں گے۔

اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ!!

حکیم بوعلی سینا کا قول ہے کہ ایک کچا انڈا مرغی کا لیجئے۔ اس کی سفیدی نکال دیجئے۔ اور پی جائیے پھر اس میں پیاز کا عرق بھر کر پی لیجئے آخر میں شہد خالص بھر کر پی لیجئے، تیرہ دن کے بعد اس قدر قوت مردانہ آپ کو محسوس ہو گی کہ ضبط کرنا محال ہو جائے گا۔ یہ نسخہ کتاب شربتِ وصال میں درج ہے۔

سر کے درد یا پاؤں سے دفعیہ

اکثر قسم کے درد میں پیاز کوٹ کر تلوؤں پر لیپ کریجئے اور اس غریبی کیسر کا کرشمہ دیکھئے، عجیب الخاصیت ہے

پیاز کا پانی!

ناک میں ٹپکانے سے بے ہوشی دور ہو جاتی ہے۔ اور مرض ہسٹریا کی بیہوشی میں بھی یہی عمل مفید ہے

گنجا اور پیاز

اگر عام طور پر یہ علم ہوتا۔ تو ممکن ہے۔ کوئی آدمی گنجا ہی نہ دکھائی دیتا۔ کیونکہ پیاز کا عرق اور شہد خالص ہم وزن روزانہ لگانے سے اور خشک ہونے پر آملہ کے پانی کے سرد ہونے سے تھوڑی ہی مدت میں بال نکل آتے ہیں گویا گنج کے سرپے

یہ خزانہ غیب میں بہترین دوا ہے۔ یہ عمل باہر ... کے دوران میں بھی مفید ہے

سنگرہنی

بچتے ہیں زچہ خانے کے بعد دستوں کا مرض ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے ہماری نظر سے اس سے بہتر کوئی نسخہ نہیں گذرا۔ پیاز کوٹ کر نغدہ بنا لو ۲۱ کے درمیان میں گؤدنتی ہڑتال کی ڈلی رکھو اور ایک پاؤ تار آب خورہ میں رکھ کر گل حکمت کر دو یعنی ملتانی مٹی لپیٹ دو اور دس سیر اُپلوں کی آنچ دے کر کشتہ کر لو۔ یہ کشتہ ایک مکھن کی ٹکیہ میں رکھ کر روزانہ صبح کھلا دیا کرو کتنا ہی پرانا مرض ہو چند دن میں صحت ہو جائے گی۔

نامردی اور گٹھیا کے درد کے لئے تریاق

دیکھئے زہر کو بھی پیاز تریاق بنا دیتا ہے۔ اس طرح سنکھیا سفید کی ڈلی کسی مٹی کی چھوٹی سی کڑاہی میں ڈال کر چولہے پر چڑھا دو آگ جلانے کے بعد ۱ تولہ پیاز اور ۱ اس کے پانی کا چھینٹا دیتے جاؤ۔ یہاں تک کہ ڈھائی پاؤ پانی دونوں چیزوں کا سنکھیے میں جذب ہو جائے پھر اتار لیں۔ اس سنکھیے کو ایک خشخاش کے دانے کے برابر آدھ پاؤ مکھن سے کھاؤ۔

پرہیز۔ کھٹائی تیل وغیرہ سے باز رہئے۔

تنبیہہ ضروری

آنکھوں کو سنکھیے کے دھوئیں سے بچانا ضروری ہے

ہے۔ چنانچہ تجربہ کیا گیا تو حرف بحرف صحیح فرمایا۔ اور پھر آنکھیں بنوائے بغیر اللہ تعالیٰ نے بینائی بخش دی۔

نسخہ یہ ہے:۔ پیاز کا پانی ایک حصہ، شہد خالص ایک حصہ، کافور بھیم سینی پاؤ حصہ۔ تو سب چیزیں ملالیں اور سوتے وقت ماؤف آنکھوں میں دو دو سلائی لگا کر سو جائیں۔ موتیا اترتا ہو گا، رک جائے گا۔ اتر آیا ہو گا تو صاف ہو جائے گا۔ تجربہ شدہ ہے۔

سرمہ عجیب

پرانی اینٹ کو پیاز کے عرق میں پیس کر سرمہ کی طرح باریک کرلو اور روزانہ رات کو سوتے وقت سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگا کر سو جایا کریں، پانی اتر جائے گا نظر تیز ہو جائے گی

پیاز کا سونگھنا

پیاز کا سونگھنا بھی خالی از منفعت نہیں ناک بہہ رہی ہو تو پیاز کا پانی اس طرح سنگھاؤ مریض ٹھیک ہو جائے گا نزلہ بھی ٹھیک ہو جائے گی۔

سانپ کا دفعیہ پیاز سے

جہاں سانپوں کا اندیشہ ہو گھر کے ہر کونے میں پیاز کتر کر ڈال دو اس کی خوشبو سونگھ کر سانپ بھاگ جاتا ہے!

★

مقوی باہ اکسیر

جو علاوہ مقوی ہونے کے فالج - لقوہ - سرعت انزال میں بھی بہتر اثر دکھاتی ہے - اور جلد سے جلد کارگر ہوتی ہے

اس کے کھانے سے دست از کار رفتہ یعنی مایوس الاولاد بھی صاحب اولاد بن گئے - اس کے استعمال کرنے کو ہمارا مذہبی مشورہ یہ ہے کہ غلط طریقہ پر لوگ کام میں نہ لائیں - دوا کیا ہے اکسیر اعظم ہے بدن کا رنگ بھی سُرخ و سفید نکل آتا ہے - خاص صدری ہے

نسخہ یہ ہے :- ۵ تولہ سنگرف رومی کی پانچ ڈلیاں لو اور ریشم کا تار خوب سب پر لپیٹ کر ڈلیاں آگ پر رکھ دو علیحدہ علیحدہ اور پیاز کے پانی کا چھینٹا دیتے وقت رہو مگر چھینٹا دیتے وقت دھواں نہ لگے - یہ خیال رکھو کہ پہلے دیئے ہوئے چھینٹے کا پانی خشک ہو گیا ہو اگر اس میں بے احتیاطی ہو گئی - تو سنگرف کے اثرات زائل ہو جائیں گے - اور ابرک جلنے پر دوسرا ابرک بدلتے رہیں - اسی طرح روزانہ پیاز کا پانی تازہ استعمال کریں حتیٰ کہ بیس سیر پانی پیاز کا جذب ہو جائے پھر سنگرف کو ۵ تولہ روح گلاب میں باریک کوٹ لیں بند شیشی میں کشتہ باوزن قائم النار ہوگا - اگرچہ ذرا محنت طلب ہے مگر ہمت والے کے لئے کچھ مشکل نہیں بارہ تیرہ دن کی محنت کے بعد کشتہ تیار ہو جائے گا - اور کم از کم دس حاجت مندوں کے لئے کافی ہوگا رہی محنت اور لاگت مگر اس کے خواص دیکھ کر یہ بات معلوم ہو گی

کر بڑی بیش قیمت نادر الوجود عطیہ غیبی ہے احتیاط سے شرط ہے

ترکیب :- استعمال بھی عجیب و غریب ہے۔

پہلے روز ۵ تولہ مکھن میں مصری ملا کر ایک رتی کشتہ لپیٹ کر کھائیں اور پھر بقیہ بچے تو کھائیں۔ دوسرے دن ۷ تولہ مکھن کھائیں اور ڈیڑھ رتی کشتہ کی خوراک ہو تیسرے دن آدھ پاؤ مکھن ہو اور دو رتی کشتہ ہو۔ اسی طرح روزانہ نصف رتی کشتہ بڑھاتے جائیں اور مکھن کا وزن بھی بڑھاتے جائیں۔ پھر دودھ بھی پیتے رہنا چاہیئے۔ انشاءاللہ مکھن دودھ سب ہضم ہو گا۔ ملائی بھی کھاؤ۔ جملہ یہ خوراک کھانے سے بجلی کی طرح طاقت پیدا ہو گی۔ نامرد، مرد اور مرد جوانمرد بن جائیں گے ہمارا مشورہ ہے کہ ضرور تمند استفادہ حاصل کریں

تانبہ اور پیاز

یہ تانبہ کا کشتہ جیسے موذی مرض کے لئے ہے اور مقوی باہ ہے۔ تانبہ کا برادہ ۶ ماشہ پاؤ سیر پیاز کے عرق میں کھرل کر کے ٹکی بنائیں۔ مٹی کے برتن میں آنچ دیں اور سرد ہونے کشتہ قابل استعمال ہو جائے گا۔ خوراک ۲ چاول سے ۴ چاول تک

تتیہ یعنی بھڑ بچھو اور شہد کی مکھی کے کاٹے کا تریاق

پیاز کا پانی اور نوشادر ہموزن لے کر خوب پیس لیں جب حل ہو جائے گا تریاق تیار ہو جائے گا۔ وقت ضرورت ماؤف جگہ پر پھریری سے اچھی طرح لگا دو۔

لگاتے لگاتے سکون حاصل ہوگا۔ پیاز کتر کر ماؤف جگہ پر لگانا بھی مفید ہے

عام لوگ

غالباً پیاز کی اہمیت سے بخوبی واقف ہیں جب کسی کے کوئی پھنسی پھوڑا ہو جاتا ہے تو پیاز کتر کر ماؤف جگہ رکھ کر باندھ دیتے ہیں اور صحت حاصل کرتے ہیں

پیاز کی تحریر

پیاز کے عرق سے کاغذ پر کچھ لکھو اور خشک کر لو۔ کاغذ سادہ ہی نظر آئے گا مگر جب آگ پر سینکو گے تو نمایاں حرف نظر آئیں گے۔ اکثر جھوٹے پیشہ عامل وہ ڈراونی شکل بنا کر سکھا لیتے ہیں اور کسی آسیب زدہ پر دم کر کے آگ پر سینک کر دکھا دیتے ہیں کہ ہم نے آسیب جلا دیا۔

دانتوں کے درد کا حقہ

پیاز۔ کلونجی۔ نمک ہموزن پیس کر ٹکیہ سی بنا کر تمباکو کی جگہ حقہ میں بھر کر پلائیں دو چار کش میں ہی درد ختم۔

کان کا درد

پیاز کے پانی کے چند قطرے ہم گرم کان میں ڈالنے سے بند ہو جاتا ہے۔!

سفید داغوں کا تریاق

داغوں میں برص کے سوئی چبھو کر دیکھو اگر خون نکلے تو قابلِ علاج ہے

پانی نکلے تو وہ لاعلاج ہے۔ قابلِ علاج داغوں پر نمک، پیاز کا پانی اور شہد ہم وزن ملا کر لگائیں۔ صحت ہو گی

سودیشی پاؤڈر!

سرخی اور پاؤڈر کی شوقین خواتین ذرا روزانہ چہرہ پر پیاز کا عرق مل لیا کریں۔ تو وہ دیکھیں گی کہ چہرہ کس قدر دمکنے لگے۔ یہ سودیشی پاؤڈر ہے ہم ان چیزوں کی قدر نہیں کرتے۔ اس لیئے کہ یورپ کے فیشن نے ایسا جال میں پھنسایا ہے کہ نکلنا مشکل نظر آتا ہے

باؤلے کتے کے کاٹے کا علاج

تھوڑا تھوڑا پیاز کا عرق پلاؤ۔ جائے ماؤف پر پھٹکری پیاز کے پانی میں پیس کر لگاؤ کتے کے زہر کو دفعہ کرنے میں اکسیر ہے۔

گلرائی اور بدھ

کہتے ہیں ران میں غدود متورم ہو کر پک جائے تو بڑی تکلیف ہو اسی طرح بغل میں غدود پکنے کو گلرائی کہہ دیتے ہیں اس کا بہترین علاج یہ ہے کہ پیاز گرم کر کے باندھ دی جائے مگر پہلے کسی بچے کے پیشاب میں ای جائے۔!

سانپ اور پیاز

جہاں پیاز رکھی ہوتی ہے وہاں سانپ نہیں رہتا۔ اس لیئے کہ

سانپ کو پیاز کی بُو ناگوار ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ بارہ گرہ ہو کر کثرت سے اگر پیاز کا عرق حقہ کے پانی میں پیس کر کھلائے جائے گی تو یقیناً شفا ہو گی۔

مچھر اور کھٹمل

پیاز کی خوشبو سے بھاگ جاتے ہیں اس لئے بستر پر پیاز کتر کر بائیں رکھ لیجئے اور اس کا عرق جسم کے کھلے ہوئے حصے پر مل لیا جائے تو مچھر اور کھٹمل دونوں موذیوں کے آزار سے آدمی محفوظ رہے گا۔ اور مزے سے نیند بھر کر سوئے گا۔

لُو سے بچنے کے لئے

پیاز گلے باندھ لو۔ محفوظ رہو گے۔ بچے جو اکثر دوپہر کو باہر کھیلتے رہتے ہیں کسان جو دوپہر کو لو میں کھیت کو پانی دیتے ہیں انہیں پیاز استعمال کرائیں پیاز گلے میں باندھیں انشاءاللہ محفوظ رہیں گے۔

ایک ... دن میں دمہ دور

یہ دہلی کے مشہور حکیم جناب محمود خاں صاحب کے مطب کا خاص نسخہ ہے۔ جنگلی پیاز سوا سیر کو کدوکش میں کس لو اور مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اور اوپر تک سرکہ بھر دو سرکہ کم از کم دو سیر ...

ہو اور گل حکمت کر کے کوڑی پر چالیس دن تک دبائے رکھو،
بعد میں نکال کر جس قدر چھانی جا سکے چھان لو اور اس میں ڈھائی
سیر چینی ملا کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے اتار لیں' در
ایک تولہ صبح ہمراہ عرق گاؤزبان بیا کریں۔ مرغ اگر کھا سکیں۔
تو کھائیں۔ مگر شوربا! انشاءاللہ ایک ہفتہ تک دمہ غائب!

پیاز کا اچار

جو عورتیں آسانی سے ڈال سکتی ہیں قاطع ورم طحال و تلی ہے
طحال کے مریض ضرور اس سے فائدہ اٹھائیں!
پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے نمک، مرچ، سیاہ زیرہ،
حسب ضرورت ڈال کر اچار تیار کریں۔ سرکہ بھی ڈال دیں تو
مزہ دار ہوگا!

بچوں کے دستوں کی مجرب دوا

ببیل کی لکڑی جلاؤ اور اس کے انگارہ کو پیالہ کے پانی میں
کم از کم تین مرتبہ بجھاؤ پھر پیس کر پیاز کے پانی میں ملا کر تین ماہ
کے بچے کو دستوں میں دو فوراً دست بند ہو جائیں گے۔

کان کے درد

درد کی تکلیف کو بچہ منہ سے نہیں بتا سکتا مگر ہاتھ بار بار کان

کی طرف لے جاتا ہے، روتا ہے، اچھلتا ہے سر کو دے دے مارتا ہے جب یہ صورت درپیش ہو تو فوراً پیاز بھوبل میں بھلبلا کر نچوڑ لیں اور اس کا عرق نچوڑ کر نیم گرم پانی میں ملا کر دو دو قطرے دو تین دفعہ کانوں میں ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ صحت عطا فرمائے گا۔

بدہضمی بچوں کی دوا

پیاز بھبلا کر اس کا پانی نچوڑ لو۔ اور دو تین مرتبہ دو دو چمچے، بچوں کو پلاؤ۔ فوراً شفاء ہو گی۔

ہیضہ اور پیاز

ایک سیب میں اینگل چبھو کر ۱۱ دن تک رکھو اور دوسری طرف ایک پیاز میں لونگیں چبھو کر رکھو گیارہ دن کے بعد لونگیں نکال کر پیس لیں اور پھر ذرا سا موم اور گڑ ملا کر گولیاں بنا لو جوار کے برابر یہ گولیاں ہیضہ کے مریض کے لئے تیر بہدف ہیں۔ پیاز کے عرق میں پیس کر پلائیں۔

پھنسیوں کا مرہم

پیاز کے میٹھے تیل میں جلا کر نیم کے پتے ملا کر مرہم کی طرح بنا لیا جائے یہ مرہم بڑا بے نظیر ہے۔!

★

اکسیر مرگی جنون اور نسیان

برہمی بوٹی ۴۰ تولہ، سکھا ہولی خشک ۴۰ تولہ، پیاز کا عرق ۴۰ تولہ
دونوں بوٹیاں لے کر ڈھائی سیر پانی اور عرق پیاز میں بھگو دیں جب
آدھا پانی رہ جائے تو چھان لیں تو ہلدی پسی ہوئی ملا کر گائے کے
گھی میں جوش دیں پانی جل جانے پر گھی کو احتیاط سے محفوظ رکھیں
اور روزانہ ایک تولہ گھی آدھ سیر شیر گاؤ میں صبح نوش کر لیا کریں۔

پرہیز:۔ ترشی اور بادی اشیاء سے سگریٹ، حقہ اور نشیلی
چیزوں سے سخت پرہیز کریں، قوت حافظ بڑھے گی
پرانے سے پرانا دیوانہ پن دور ہوگا۔ مرگی میں بھی یہ دوا مؤثر ہے۔
بوٹیاں دواخانوں سے مل سکتی ہیں۔

جوہر معدہ

ہزاروں مرتبہ کا تجربہ کیا ہوا نسخہ ہے بے ضرر زود اثر درد شکم
کو بھی نافع ہے۔ نوشادر ۳ تولہ تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ ہرجی ۲ تولہ کشتہ
فولاد ۱ تولہ سب کا سفوف بنا کر عرق پیاز میں گولیاں بنالیں یہ گولیاں
معدہ کے امراض کے لئے مفید ہیں گولیاں چنے کے برابر بوقت
ضرورت ایک گولی کھاؤ۔

★

کشتہ پیچش،

افیون ۶ ماشہ، پھٹکری ۹ ماشہ پیس کر ملا کر اور نیچے اوپر اپلے رکھ کر کسی مٹی کے برتن میں گل حکمت کر کے ۷ سیر اپلوں کی دو بس دوا تیار ہے خوراک ایک رتی ہے۔ روٹی کھانے سے پرہیز کریں،

پیاز اور جریان

جریان بڑا موذی مرض ہے اور آج کل یہ مرض عام ہے، نوجوان تو اس عمر ہی میں اپنی غلط کاریوں سے خود اس مرض کا شکار بنتے ہیں۔ پھر بازاری دوا فروش کے ہتھے چڑھتے ہیں اور اپنے پیسے بھی برباد کرتے ہیں یہ نسخہ بڑا قیمتی اور آزمودہ ہے بہتر یہ ہے کہ اس موذی مرض کے مریض پر یہ نسخہ تیار کر کے صحت بنائیں نسخہ یہ ہے۔

فلفل دراز سفید ۳ ماشہ دکھنی مرچ ۷۔ تولہ میٹھا تیلیہ ۶ ماشہ پارہ ۹ ماشہ رانگ ۷ ماشہ پیازہ ۵ عدد سب سے پہلے میٹھے تیلیے کو مدبر کریں پھر رانگ پگھلا کر اس میں پارہ ملائیں اور تمام دوائیں جو پہلے سے کٹی ہوئی تیار ہوں اس میں ڈال لیں اور کھرل میں خوب باریک کر لیں اس میں ۲ چاول ہمراہ مکھن کی ٹکیہ کے صبح ہی کھایا کریں یہ دوا،

عورتوں کو بھی سیلان الرحم کے مرض میں مفید ہے۔
پرہیز:۔ گڑ۔ کھٹائی۔ تیل سے رکھیں۔

احتباس طمث

بندش حیض کو کہتے ہیں اس مرض میں عورت بڑی بے چین رہتی ہے نہ کھاتی ہے نہ پیتی ہے نہ اولاد ہوتی ہے۔ اس کا بہترین علاج یہ ہے پیاز کا عرق ۵ تولہ نیم گرم پلاؤ فوراً حیض کھل جائے گا۔

پیاز اور ذیابطیس

ذیابطیس شکری پیشاب بکثرت آتا ہے بھوک بار بار لگتی ہے اس کا علاج مجرب یہ ہے کہ جامن کی خشک گٹھلیاں کوٹ لی جائیں اس سے نصف گڑمار بوٹی جو عطاروں کے ملتی ہے۔ لیں اور جامن کی چھال ۲ تولہ لیں سب کو کوٹ کر عرق پیاز میں گولیا بنالیں ایک گولی صبح ایک شام ۶ عرق پیاز کے ہمراہ گوشت خوب کھائیں اور میٹھا نام کو بھی نہ کھائیں سخت پرہیز کریں،

پیاز اور قوت باہ

بے مثل اور لاجواب شے ہے حقیقت یہ ہے کہ یہ حقیقت

یہ ہے کہ یہ چیزیں والیان ملک کے استعمال کے لائق ہیں۔ خدا کا احسان سمجھے۔ کہ غریب بھی اس سے آشنا ہو گئے۔ قوت باہ کا نادر اور نایاب مرکب یہ ہے چاندی کے ورق ۳ ماشہ اکبر ہاشمی ۲ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ شاخ مرجان ۲ ماشہ۔ سبد احمر ۲ ماشہ، طباشیر ۱۰ ماشہ دانہ الائچی خورد ۱ ماشہ روح کیوڑہ ایک تولہ، روح بید مشک ایک تولہ، روح گلاب ۱ تولہ، عرق پیاز ۳ تولہ کھرل کرو اور سرمہ کی طرح باریک کرو ایک سرخ ہمراہ مکھن یا بالائی روزانہ کھاؤ۔ دل، دماغ اور جگر کو بھی یہ مرکب قوت بخشتا ہے رنگ جسم کا سرخ و سفید ہو جاتا ہے۔ خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ قوت مردمی میں ایسا اضافہ ہوتا ہے کہ اظہار کے لئے شرم اور تہذیب مانع ہے مگر نسخہ تیار کرنے سے پہلے ہر شخص یہ عہد بھی کرے کہ اپنی قوت کسی غلط طریقہ پر ضائع نہ کرے گا۔

نوٹ:۔ بے استطاعت لوگ مروارید کی بجائے صرف مرواریدی کا چھلکا بھی نسخہ میں شامل کر سکتے ہیں۔ س۔ا۔

بٹ رہا ہے جواہرات کا ڈھیر
اب بھی کوئی نہ لے تو ہے اندھیر

پیاز اور اعصاب کا باہمی رشتہ

معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقوی بھی ہے۔ دافع درد کمر بھی شانہ کو بھی

قوت بخشتا ہے۔ بھوک بھی صحیح طور پہ لگا کر کھانے کو جزبدن بناتا ہے
کچلہ حسب ضرورت پانی میں بھگو دو جب نرم ہو جائے چھلکا
اتار ڈالو اور ادرک اور آب پیاز میں بھگو دو تین دن کے بعد
خوب صاف کر لو۔ دو گھنٹہ کم از کم دھو کر رکھیں پھر چینی کے پیالے میں
رکھ کر روغن پستہ اس قدر ڈالو کہ کچلے ڈوب جائیں اور تین چار
دن دھوپ میں رکھو روغن اگر کم ہو جائے تو اور ڈالو پھر نکال کر
خشک کر لو اور خوراک تین چاول سے ایک رتی تک ہے منقی یا
کشمش میں رکھ کر کھاؤ خوب کھاؤ انشاء اللہ ضرور شفا ہوگی

جریان کا مجرب نسخہ

قدیم و جدید دونوں کے لئے مفید ہے

دال ماش حسب ضرورت لیں اور مشقہ کر لیں پھر چکی میں
پسوائیں پھر کیکر کی پھلیاں نیم پختہ ملے کر شیرہ نکال لیں اس میں دال
تر خشک کریں، اور اسی طرح سات بار کریں۔ پھر اس سے نصف
مازو چوب بابہ یکساں پیس کر چھان لیں اور ملا لیں دوگنی کھانڈ
ملا لیں۔ خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ تک گائے کے دودھ کے
ساتھ روزانہ کھالیں۔ پرہیز اور پرہیز ضروری کریں۔ مرض

جڑ بنیاد سے جاتا رہے گا۔ قوت مردمی میں متعدد بہ اضافہ ہو گا۔ آپ حیران ہوں گے کہ اتنا کم قیمت نسخہ اور اشاعت ایسے قیمتی کر سبحان اللہ۔

اکسیر بواسیر

تربت انجبار ۲ تولہ عرق پیاز ا تولہ روزانہ پیو جب ہستے ہی نہ رہیں گے۔ تو بواسیر کہاں۔ نہ رہے گا بانس نہ بجے کی بانسری آنندی کے تار بجاؤ۔ اور مصنف کتاب کے حق میں دعا کرو۔

پیاز اور خارش

کہتے ہیں کہ خارش کی مجری دوائیں مگر یہ دوا بھی قاطع خارش ہے گل خیرو ا تولہ سارگندھک ا تولہ زیری سیاہ ا تولہ باریک کر کے چھان ہیں چھ چھ ماشے صبح و شام ہمراہ دہی ۲ تولہ اور آب پیاز ۲ تولہ کھلائیں اور سرخ اینٹ پختہ پیس کر سرسوں کے تیل میں ملا کر مالش کر کے روزانہ صابن سے نہائیں۔ خارش غائب۔

متلی قے اور پیاز

جسے متلی ہو تے آنا چاہتی ہو اسے پیاز سنگھاؤ۔ ان شاء اللہ

طبیعت ٹھیک ہو جائے گی۔

وبائے ہیضہ

ہیضہ کے دنوں میں اگر چاروں طرف پیاز رکھدی جائے
اس طرح کہ ہر طرف سے پیاز کی خوشبو آئے۔ تو انشاءاللہ ہیضہ ختم۔

اکسیر پیاز

اعضائے رئیسہ کو قوت دار بنانے والی فسادِ خون معدے
کو صحیح حالت بخش کر بھوک لگانے والی ہاضم دافع اختلاج قلب، تریاق ہیضہ،
غرض اکسیرالاثر چھلکا ہے پیاز کا رس ۲ تولہ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ فولاد کے ریزے ۱ تولہ،
برادہ نقرہ ۱ تولہ، برادہ طلا ۲ تولہ سب کو ایک مٹی کے پیالے میں رکھ کر گل حکمت کرکے
ببول کی لکڑی کی آنچ دیں اور جو ہر اڑ کر شیشی میں محفوظ کرلیں خوراک ارتی
بھر مناسب بدرقہ یا بالائی کے ساتھ کھلائیں۔

دانتوں کی درد سیاہ مرچ ۳ تولہ سونٹھ ۳ ماشہ عقرقرحا ۳ ماشہ اجوائن
خراسانی ۳ ماشہ سب ہم وزن، افیون ۱ ماشہ، شہد اور پانی میں پیس کر
ملائیں اور گولیاں بنالیں وقت ضرورت ایک گولی دانتوں میں دبالیں
لعاب دہن کچھ کچھ وقفے سے تھوکتے رہیں درد کو آرام

نزلہ، زکام، کھانسی

بادام ۶ ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، دار چینی ۶ ماشہ رب السوس ۶ ماشہ کوٹ چھان کر پیاز کے پانی میں گولیاں بنالیں چنے کے برابر اور بوقت ضرورت گولی [illegible] ال کر لعاب چوسیں سخت سے سخت نزلہ، کھانسی دور ہو جائے گی۔

ہیضہ کا پیاز سے علاج

ہیضہ کے مریض کو یہ دوا دو اور پیاز کا عرق ۲ تولہ مرچ سیاہ ۱۱ عدد اس طرح گھوٹو کہ خوب گھٹ جائے، پھر ذرا سا عرق پیاز ڈال کر رکھیں اور مریض کو حسب خواہش یہ پانی پلا کر دیکھیں کہ کتنی جلدی صحت حاصل ہوتی ہے شاید دوسری خوراک کی ضرورت ہی نہ پڑے بارہا کا آزمودہ

کشتہ گئودنتی ہڑتال

جو آب پیاز میں کیا جاتا ہے اور ڈیڑھ چاول روزانہ کھلائیں تو سنگرہنی والا مرض یعنی سنگرہنی ایک ہفتہ میں جاتا رہتا ہے یہ مرض بڑا موذی ہے اس میں زچہ خانے سے درد شروع ہوتے ہیں

تو آدمی کی جان لے کر ہی چھوڑتے ہیں۔

ہڑتال گئودنتی کی ڈلی ۲ تولے پیاز آدھ پاؤ میں رکھ کر گبڑ دیں۔ کر کے تین بڑے اپلوں میں نیچے دائیں بائیں رکھ کر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں ڈلی پھولی ہوئی ہو گی اس کو باریک پیس لیں کشتہ تیار ہے خوراک ا۔ر چاول اس سے زیادہ استعمال نہ کریں

اِمراض جگر کی بہترین دوا

ورم جگر ضعف جگر۔ یرقان استسقا وغیرہ کی تیر بہدف، لاثانی دوا ہے۔ سنکھ کے ٹکڑے ٹکڑے کوئلوں کی تیز آگ میں سرخ کر کے گھیکوار کے پانی میں بجھا لو اور اس وقت تک بجھاؤ دیتے رہو کہ سنکھ خستہ ہو جائے۔ جب جانے کے قابل ہو جائے تو کھرل کر لو اور آب پیاز ڈالتے رہو۔ بعد دو روز کے چھ چھ ماشہ کی گولیاں بنا کر خشک کر لو اور پھر باریک پیسو اس مرتبہ گھی کوار کے پانی میں پیسو پھر ٹکیاں بنا کر دس اپلوں کی اور حسب ترکیب بالا فرق اتنا ہے کہ ایک مرتبہ گھی کوار کے پانی میں پیسو ایک مرتبہ آب پیاز میں غرضیکہ اس طرح سات مرتبہ آنچ دو نہایت عمدہ کشتہ سنکھ تیار ہو گا۔ خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک ہے۔ عرق مکوہ یا سونف یا مناسب بدرقہ کے

ساتھ ایک دن میں دو خوراک دو۔ واقع عرض ہے مشتہی بھی قاطع بخار بھی اور مار گزیدہ کا تریاق بھی، ہلدی لگے نہ پھٹکری اور رنگ چوکھا اسی کو کہتے ہیں ۔

امراض رحم اور پیاز

یہ دوا سیلان الرحم جیسے موذی مرض کی بھی تریاق ہے! اور جملہ امراض رحمی میں بڑی مفید ہے سیلان الرحم عورتوں کا مرض ایسا ہے۔ جیسے مرد کے لئے جریان زندگی سے عاجز کر دیتا ہے۔ جینے کا کوئی لطف نہیں آتا۔ اس مرض میں یہ نسخہ بڑا کامیاب ہے اور سو فیصدی کامیاب چھالیہ پھول ۳ تولہ، پستہ کا پھول ۳ تولہ ڈھاک کے پھول ۳ تولے۔ صمغ عربی ۳ تولہ، اندر جو میٹھا ۱ تولہ، اسگند ناگوری ۱ تولہ کشتہ قلعی ۲ ماشہ کشتہ عقیق ۱ ماشہ۔ مصری ۶ ماشہ کوٹ چھان کر آب پیاز میں چھوٹے بیر کی برابر گولیاں بنا لیں ایک گولی ہمراہ شیر گرم صبح ایک شام کھلائیں اور ڈوش سے رحم دھلوائیں۔

ہر قسم کے بخار کیلئے

یہ گولیاں صبح و شام کھلائیں شربت بنفشہ اور عرق پیاز کے ساتھ

بالخصوص ملیریا میں تو ضرور تجربہ کریں۔ طباشیر ا تولہ، ست گلو ا تولہ
زہر مہرہ ۵ تولہ، خطائی سعد کا نور ۳ تولہ، کونین ۲ ماشہ سب کو باریک کر کے
چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

سانپ کا کاٹا سوئے، بچھو کا کاٹا روئے

لیجئے اب یہ مقولہ بھی غلط ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ اپنے بندوں
پر کرم ہے مبذول کیا ہے، بچھو کا تریاق تو یہ ہے۔ کہ کائی جو اکثر سیلابی
جگہوں پر سبز ہوتی ہے وہ لے کر پیاز کے پانی میں حل کر کے لگائے
گزدم گزید فوراً ہنسنے لگے گا۔

مار گزیدہ کا تریاق یہ ہے کہ ریٹھے کا چھلکا ا تولہ، نیلا تھوتھا
ا تولہ، گھونگچی ۱۲ عدد، یہ چیزیں ریشمی کپڑے میں رکھ کر جلائیں
اور راکھ کے ہم وزن عصارہ ریوند کوٹ لیں اور حسب ضرورت
۴ گولیاں بنالیں۔ بوقت ضرورت ۳ گولیاں دودھ گرم کے
ساتھ کھلائیں مایوس العلاج مریض میں بھی جان از نو آجائیگی۔

جوارش پیاز زعفرانی

جس کا استعمال فرحت انگیز مبہی مقوی اور مقوی ہے

اور ممسک ہے جوان کو جوان بنا دیتا ہے - مغز بادام ا تولہ
خولنجان ۱۰ رتولہ، زعفران ا تولہ، ناگرا ۱۰ رتولہ، لونگ ۱۰ رتولہ، جاوتری
۱۰ رتولہ، عاقرقرحا ۱۰ رتولہ، دارچینی ۱۰ رتولہ، سونٹھ ۱۰ رتولہ، یہ تمام
دوائیں کوٹ چھان کر شکر سفید ۱۰ رتولہ میں حسب ضرورت
آب پیاز ڈال کر قوام میں ملائیں، خوراک ۴ ماشہ سے ۷ ماشے تک
ہمراہ شیر گاؤ خالص۔

حبّ پیازی

لقوہ اور فالج کے لئے زود اثر کارگر گولیاں صدری نسخہ ہے
اور قابل قدر نعمت ہے بابیں اول فلفل دراز، سونٹھ، سیاہ مرچ
جوزلوا عاقرقرحا، لبیاسہ، اجوائن دیسی ہر ایک ایک تولہ، تمام
دوائیں کوٹ کر پھر پیاز ۵ تولہ ملا کر اوپر گڑ ڈالے کر خوب کوٹیں پھر گولیاں
نخود بنالیں دو گولیاں صبح دو گولی شام دو دوپہر آب پیاز کے ساتھ۔

نزول الماء

کہتے ہیں جس طرح سیلاب روکے سے نہیں رکتا اسی طرح،
آنکھوں میں آنے والا پانی بھی نہیں رکتا طبی مصلحتوں کے خلاف

خلاف بھی ہے۔ ہماری رائے میں یہ نسخہ نہایت عمدہ ہے، یہ پانی کو فوراً
روک دیتا ہے اور جو خرابیاں پانی رکنے سے ہونے والی
ہوتی ہیں، اُن کا بھی سدباب کر دیتا ہے۔ اس کے استعمال سکے
استعمال کرنے والے اللہ کے فضل سے ڈاکٹر کے نشتر سے بچ جاتے
ہیں۔ اور طہارت بدستور قائم رہتی ہے۔ صرف ایک گولی صبح ایک
شام سوتے وقت سونف کے عرق اور آب پیاز کے ساتھ کھا لینی
چاہیے۔

پرہیز: تیل، مٹھائی، سرخ مرچ سے رکھنا چاہیے۔ ابتدائے
نزول درمیان نزول میں سریع الاثر ہیں۔ اور جادو کا سا اثر
دکھاتی ہے۔

نسخہ: مندرجہ ذیل ہے۔

ہلیلہ زرد کی گٹھلی کا مغز، آنولہ کی گٹھلی کا معدہ دونوں ہموزن
لے کر آب پیاز میں گولیاں بنالو اور تیس گھنٹے تک کھرل کرو۔ متواتر
یا ٹھہر ٹھہر کر، مگر کھرل کرنے کا وقت تیس گھنٹے پورا ہو جائے بعد
چنے کے برابر گولیاں بنا کر استعمال کرو

حبّ جریان پیازی

دنیا میں کوئی ایسا ہی شخص ہے، جو اس مرض سے ناآشنا

ہے۔ مردوں کو جریان۔ عورتوں کو سیلان الرحم زندگی سے تنگ کر دیتا ہے۔ دھات جیسی قیمتی شے ضائع ہو جاتی ہے تو انسان زندگی کا انتظام ہی درہم برہم ہو جاتا ہے۔ ایک بہت بڑے نامی گرامی طبیب کے مطلب کا صدری نسخہ ہے۔

تخم جوز ماثل ۶ تولہ سیاہ مرچ ۲۲ عدد علیحدہ علیحدہ دونوں باریک کر کے شیر گدبعنی بھیڑے کا دودھ اور عرق پیاز یعنی آب پیاز سے گولیاں چنے کے مطابق بنالیں اور اگر مقوی بھی بنانا ہو تو چھوہارے ۵ تولہ کوٹ کر اور شامل کر لیں۔

حبّ وارثی پیازی

سینکڑوں مریضوں کے مرضوں میں کو دور کرنے والی فقیری گولی جو سہل الحصول اور بیش قیمت ہیں، بزرگان کا یہ تجربہ شدہ ہے گولیاں بنا کر مفت تقسیم کیجئے۔

پارہ مصفیٰ۔ گندھک مدبر، ہلیلہ زرد کا پوست، ہلیلہ آملہ، سونٹھ، سیاہ مرچ، فلفل دراز، ناگرموتھا، عقرقرحا، بہمن سفید، ریوند چینی، ہر ایک ڈیڑھ تولہ ہرتال ورقیہ، بیش مدبر، سہاگہ بریان، نمک لاہوری ہر ایک چھ چھ ماشہ حب الملوک مدبر ۴ تولہ پہلے پارہ اور گندھک مدبر کئے جاتے ہیں، اور کھرل میں کجلی بنائی

جاتی ہے اور بھنگڑے کے ہرے پتوں کا پانی اور آب پیاز ڈال کر کھرل کی
جاتی ہیں کم از کم اکتالیس گھنٹے بعد گولیاں بنائی جاتی ہیں چنوں کے برابر اور
حسب ذیل ترکیبوں سے استعمال کرائی جاتی ہیں،

مرض	ترکیب
آدھے سر کے درد میں	ایک گولی کڑوے تیل میں گھس کر لیپ کیا جاتی ہے
مرگی کے مرض میں	گھس کر سنگھائی جاتی ہے
آشوب میں	آملہ کے پانی میں گھس کر لیپ کرو!
بدبو دہن میں	پانی میں گھول کر
قے میں	ایک گولی ہینگ میں لپیٹ کر کھلائی جائے
رفع قبض	سوتے وقت دو گولی دودھ سے کھلائیں
دستوں کے لئے	ایک گولی پانی کے ساتھ
پیچش کے لئے	ایک گولی ہمراہ سونف کھلاؤ
بدہضمی میں	ایک پان میں کھلاؤ
تپ کہنہ میں	ست گلو کے ہمراہ ایک گولی کھلاؤ
جاڑہ بخار میں	ایک گولی لونگ کے ساتھ کھلاؤ !
سستی قضیب میں	ایک گولی لعاب دہن اور انڈے کی سفیدی میں گھس کر قضیب پر لگاؤ۔
بچھو کے کاٹنے پر	گولی پانی میں گھس کر لگاؤ

مرض	ترکیب
سانپ کے کاٹنے پر	ایک گولی حقہ کے پانی کے ساتھ

نسوانی ایام اور پیاز کا انعام

تمام خرابیوں اور بے قاعدگی کو درست کر کے خواہ کم آتے ہوں، یا رک رک کر میں درد مریضہ سست رہتی ہو، یہ گولیاں استعمال کرائیے۔ فوراً اثر ظاہر ہوگا۔ جن عورتوں کو ایام کے دوران پیچش ہو جاتی ہو وہ گھبرائیں نہیں پیچش تو قدرت کی طرف سے ایام کی خرابیوں کو دور کرتی ہے۔ گولیاں یہ ہیں۔

صبر سقوطری ۱ ماشہ، ہیرا کسیس ۱ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، پیاز کا پانی ۱ ماشہ کوٹ چھان کر تین گولیاں بنالیں۔ بس یہی اس دوا کا کورس ہے۔ نیم گرم پانی کے ساتھ ایام حیض سے قبل جب آمد کا زمانہ ہو ایک صبح ایک دوپہر ایک شام گولی کھالیں اور تماشائے قدرت دیکھیں۔

بانجھ پن اور پیاز

مایوس اور لوگوں کو مژدہ ہو کہ وہ اب بے اولاد نہ رہیں گے یہ گولیاں استعمال کرائیں۔ اور نویں مہینے ہی گود میں چاند سا بچہ کھلائیں

مسکہ خالص ۱ تولہ، افیون ۱ رتی، زعفران نصف ماشہ، بھنگ ۸ چاول، پرانا گڑ ۲ ماشہ، چھالیہ مسلم ۱ عدد، لونگ ۲ عدد، یہ سب [illegible]

پیاز دو ایس کوٹ کر برابر گڑ میں گولیاں بنائیں، گولیاں کابلی چنے کی ایام ماہواری
سے فراغت پر عورت ایک گولی روز کھائے ہمراہ شیر گاؤ۔ چار دن کے بعد
شوہر سے مجامعت کرے انشاء اللہ ضرور لڑکا یا لڑکی پیدا ہوگی!

پیاز کا مقوی حلوہ

پہلے پیاز حسب ضرورت کدوکش میں نکال لو، اور گھی میں بھون لو پھر
سوجی اسی کے ہم وزن گھی میں بھون لو، اور جس قدر پیاز اور سوجی بھونو
اس سے ڈیوڑھی شکر سفید میں الگ ڈال کر حلوہ تیار کر لو۔ جما کر حلوے
کی ٹکیہ کاٹ لو اور دھوپ میں خشک کر لو۔ اور روزانہ استعمال کرو۔ نہایت
درجہ مقوی اور ممسک ہے۔ اور لذیذ بھی ہے۔

برائے ضعف جگر و قوت باہ!

پیاز کا نصف سیر نکالے گھی آدھ پاؤ، دونوں چیزیں لوہے کی کڑاہی
میں، گھونٹو اور ایک تولہ شنگرف کی ڈلی اس میں ڈال کر پکاؤ اور چلاتے رہو۔
پیاز کا پانی حل ہو جائے اور گھی سیاہ رنگ کا ہو جائے تو شنگرف نکال
کر مٹی کے پیالے آب انار سیدہ میں رکھو تا کہ چکنائی سب جذب ہو جائے
اور اس کشتہ کو باحتیاط شیشی میں رکھیں، خوراک گائے کے مکھن یا،

بالائی کے درمیاں رکھ کر علی الصباح کھاؤ۔
پرہیز: بڑے، تیل، کھٹائی، مٹھائی سے۔

تریاق پیازی!!

آبِ پیاز، نوشادر پسا ہوا ہم وزن کر لو، اچھی طرح کر کے شیشی میں بھر لو، ہر زہریلے جانور کے کاٹے پر پھریری سے لگا دو۔ تریاق کا کام دے گا۔ لگانے سے فوراً آرام، انشاءاللہ۔

ہزار پا یعنی کنکھجورہ

اکثر گھروں میں نکل کر کاٹ لیتا ہے۔ اس کا زہر دور کرنے کے لئے، پیاز کا پانی، لہسن پیس کر لیپ کر دو انشاءاللہ فوراً تسکین ہوگی اور زہریلے اثرات دُور ہو جائیں گے۔

آشوبِ چشم

میں پیاز کا پانی، ایک حصّہ شہد خالص، ایک حصّہ عرق گلاب ۲ حصّہ ملا کر آنکھ میں ڈالیں۔ صبح و شام! بالکل آرام!

جوب مقوی پیازی

سم الفار سفید ۱ تولہ کسی نہ گھسنے والی کھرل میں باریک پیسو، اور، سفید پیاز کا پانی ایک بوتل کے اس میں کھپا دو۔ پھر اس کی سرسوں، کے دانے کی برابر گولیاں بنا کر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر ایک مکھن کی ٹکیہ میں روزانہ ایک گولی نہار منہ کھاؤ اور گھی جہاں تک جیب، اجازت دے خوب کھاؤ۔

گڑ اور پیاز

اہل ثروت لوگ تو گڑ کو کبھی انسلٹ خیال کرتے ہیں۔ مگر ہم غریب لوگوں کو مطلع رہیں کہ کبھی وہ روٹی گڑ اور پیاز سے کھایا کریں۔ پیٹ بھی بھرے گا اور قوت شہوانی بھی روز افزوں بڑھے گی!

اکسیر درد گردہ

رائی، قلمی شورہ ہم وزن پیس کر پیاز کے پانی میں پکاؤ اور مریض کو پلاؤ، روتا ہوا بھی ہنسنے لگے گا۔

مرگی اور پیاز

یہ چشم زدن میں اپنا حیرت انگیز اثر دکھاتی ہے۔ سرخ مرچ

۵ عدد مٹی کے آبخورہ میں رکھ کر ایک مینڈھ برسات میں اکثر ہوتے ہیں
پکڑ کر وہ بھی آبخورہ میں ڈال دو۔ دو تین دن کے بعد مر جائے گا۔
بس مرچ اور مینڈھ پیاز کے عرق میں پیس لو اس وقت تک کہ آب
پیاز خشک ہو جائے۔ باریک نسوار تیار ہو جائے بوقت ضرورت
یعنی دورہ کے وقت مریض کی ناک میں پھونک دو دماغ میں پہنچتے
ہی مریض کو ہوش ہوگا۔

نسخہ طلائے بہق

بہق یعنی پھل بہری سفید بھی ہوتی ہے اور سیاہ بھی اس کے
لئے یہ نسخہ نہایت آزمودہ ہے۔ بہق سفید ہو یا سیاہ یہ طلائے
ہر دو کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ تخم فطل اور بورہ کندش دونوں کو ہم وزن
لے کر پیس لیں پھر چھان کر ملائیں۔ اور بہق کے مقامات پر طلار کریں
خدا کے فضل سے وکرم سے بالکل شفا ہو۔

بواسیر بادی اور پیاز

پیاز چھیل کر کتر کر دھوپ میں سکھا لو پھر گھی میں بھون لو۔ ایک تولہ
روزانہ ایک ماشہ اور ۲ تولہ مصری کے ساتھ روزانہ کھاؤ جڑ سے بادی بوا[illegible]

ایک ہفتے میں جاتی رہے گی۔

پیشاب کی جلن اور پیاز

پیاز ۴ ماشہ پانی سادہ نصف ثار جوش دو، پاؤ بھر پانی رہنے پر چھان لو اور سرد ہونے پر ذرا سا نمک یا چینی ڈال کر پی جاؤ۔ جلن کافور ہو جائیگی۔

سرمہ اور پیاز

پیاز کے دو ٹکڑے کر کے اس میں سرمہ کی ڈلی رکھ دو پھر پیاز پر کرمٹ کر کے رکھ دو۔ ایک ہفتہ رکھا رہنے دو پھر نکال کر سرمہ کو خوب باریک پیس لو کھرل میں اور سوتے وقت لگایا کرو۔ یہ سرمہ آشوب چشم دھندلا اور جالے سے ہمیشہ آنکھوں کو بچائے گا۔

سرمہ مفت نظر ہوں یہ ہے قیمت میری
کہ رہے چشم خریدار پہ احسان میرا

آکھ کے طبی فائدے

آکھ: کے چھوٹے چھوٹے پودے جنگلوں میں ہوتے ہیں اور خود رند

ہوتے ہیں جھاڑیوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ اس ٹہنیوں اور پتوں میں دودھ ہوتا ہے پتے سبز سفیدی مائل گرد جمے ہوئے سے ہوتے ہیں پھولوں کے سفید گچھے آتے ہیں مگر اندرونی رخ میں بنفشی رنگ کا چھلکا ہوتا ہے یہ درخت زہریلا ہوتا ہے پھول گرنے پر پھل بالکل آم جیسا ہوتا ہے وزن میں ہلکا پھلکا دبانے سے فوراً پھٹ جاتا ہے، بچے پٹاخہ کی طرح پاؤں سے دبا کر جب آواز ہوتی ہے خوش ہوتے ہیں پھل کے اندر ملائم سفید روئی سی ہوتی ہے اس میں سے وہ رواں نکلتا ہے اور شہروں میں اڑتا ہے جسے بچے بڑھیا کہتے ہیں اس درخت پر رہنے والا کپڑا آکھ کا ٹڈا کہلاتا ہے اس کا دودھ دیر تک رکھنے سے بھی نہیں جمتا چونکہ زہریلا ہوتا ہے اگر اس کے دودھ کو دانتوں پر ملا جائے تو، دانت بغیر تکلیف سب اکھڑ آئیں گرم مزاج ہے۔

سنسکرت میں ارگ مغدار، فارسی میں زہوک، عربی میں عین الاویہ، سندھی اور پنجابی میں آگ ہندوستان ملاریا آکھ کہتے ہیں مگر بغایت مفید ہے اس کے پھول جمع کر کے ان میں سیاہ مرچ ملا کر اور نمک حسب ضرورت ملا کر گولیاں بنائی جائیں تو بدہضمی اور ہیضہ نمک کو مفید ہے اور نہایت ہاضم ہے۔

مقوی ممسک روغن

گندھک آنولہ سار ۲ تولہ باریک کرلیں اور دو چینی کی پیالیوں میں رکھ کر ڈھک دیں اور دو تولہ آکھ کا دودھ روزانہ ڈالتے رہیں، کم از اکیس دن اسی طرح کریں، پھر پیالیوں کو باحتیاط حفاظت سے کسی محفوظ جگہ رکھ دیں، اکتالیس دن کے بعد دیکھیں تو پھر ڈالے کے چھتے کے سوراخ نظر آئیں گے اسے نچوڑ لیں صاف کر کے خوش رنگ تیل نکل آئے گا۔ تیل اگر سردیوں کے موسم میں روزانہ پانی پر ایک دیا سلائی سے ایک لکیر کھینچ کر ۱۱ تولہ ملائی یا ربڑی یا ربڑی کیساتھ کھلائیں تو علاوہ اشتہا کی درستی کے قوت باہ خوب اور امساک بھی ہوگا۔

بحریان کیلئے مداری انڈہ

انڈے کے چھلکے نمک کے پانی میں کم از کم پانچ دن تر رکھو اور پھر اندرونی جھلی دور کر کے آکھ کے دودھ میں تر کرو۔ پھر کسی ہانڈی میں رکھ کر گل حکمت کر دو اور کم از کم دو من اپلوں کی آنچ دو یا کسی کمہار کے آوے میں دبا دو کشتہ انڈوں کا سفید ہو جائے گا اس کی خوراک ا رتی صبح شام بالائی کیساتھ کھلاؤ۔ مرض کہیں بھی نظر نہ آئے گی۔ احتلام

کے لئے بھی بہت اکسیر ہے۔

کشتہ سینگ بارہ سنگا

مرض سانس اور نمونیا کے مرض میں اکسیر کا کام دیتا ہے۔ بشرطیکہ صحیح طور پر بن جائے اور بہت سی بیماریوں میں بھی مؤثر ہے۔ پہلے سینگ کو ریتی سے برادہ بناؤ اور آکھ کے دودھ میں تر کریں۔ پھر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ عرق سونف ا رتی دیں۔ مگر دق T.B والے کو شربت انجبار یا شربت فولاد رس کے ساتھ دیں اور فوائد فوری ملاحظہ کریں۔!

آدھے سیسی کا درد

یہ مرض بڑا ہی تکلیف دہ ہے مگر یہ نسخہ بھی اس مرض کے لئے اکسیر شفا ہے۔ اونٹ کی مینگنی اگر پہلے جلائی جائیں گی، تو دودھ کی بو بھی جاتی رہے گی۔

خوشبودار ہلاس

نازک طبع لوگوں کے لئے یہ نسوار فائدہ مند ہے۔ عام سر کے درد کو نزلہ و زکام کو بڑا مفید ہے ہر گھر میں تیار رہے تو ضرورت میں کام دے۔ آکھ کے درخت کی جڑ کا چھلکا خشک کریں، اور الائچی ۲ عدد باریک پیس لیں پھر

پھر تین رتی کافور ملائیں بوقت ضرورت سونگھیں۔

کشتہ مردار سنگ

مردار سنگ شیر آکھ میں بھگو کر خشک کر لیں، اور ریزہ ریزہ کریں۔ پھر مٹی کے کوزے میں گل حکمت کر کے صرف ایک سیر اُپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر باریک پیس لیں، ایک سُرخ ہمراہ مکھن استعمال کریں اس کی تاثیریں بہت ہیں، مگر سوزاک، آتشک اور کرم شکم کو مارنے کے لئے تو تریاق ہے لُطف یہ کہ اگر مار گزیدہ کی آنکھوں میں سُرمہ کی طرح سلائی سے لگایا جائے گا تو اپنا اثر فوری دکھائے گا۔

موتیا بندھ

کو بغیر اپریشن دور کرنے والا تریاق جن کی قسمت ہے وہ فائدہ اٹھائیں گے، توتیا یعنی نیلا تھوتھا ا تولہ لے کر باریک کر لو مگر شیر مدار یعنی آکھ کا دودھ میں اور سایہ میں خشک کر لو، اور ایک سو مرتبہ اسی طرح بھگو بھگو کر خشک کرو اور پیس یہ کشتہ بڑی محنت لیتا ہے مگر بصارت جیسی نعمت بھی بخشتا ہے۔ پینے کے بعد گائے کے دُھلے ہوئے گھی میں مرہم کی طرح بنا لو اور روئی کی بتی مرہم میں تر کر کے چراغ جلا کر کوئی مٹی کا کورہ پیالہ ڈھک دو تاکہ دھواں اوپر برتن میں جم جائے۔ بتی جل جانے پر دھوئیں کو

کھرچ کر پھر کھرل کرو۔ اس کھرل شدہ میں سے سلائی آنکھوں میں لگاؤ،
اور کم از کم ۶۶ دن لگاؤ سوتے وقت تاکہ اوپر ازاں کا پتا باندھ کر آنکھوں
پر مزید احتیاط کے طور پر پٹی بھی باندھ لیا کرو، صبح پھر یہی عمل کرو یہ دوا
اس مریض کو فائدہ بخشتی جس کی آنکھوں میں پانی اترے کم از کم سال یا
سال گذر چکا ہو۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ عرصہ گذرا ہو،

کشتہ صدف

جو نہایت درجہ مقوی دممسک ہے اور نافع ہے جریان ہے،
سیپوں کو شیر مدار میں ایک ہفتہ بھگوؤ پھر کوٹ لو۔ گولیاں بنالو گولیاں
کوزہ میں گل حکمت کرو۔ دو سیر اپلوں کی آگ دو پھر دوبارہ ایسا،
ہی عمل کرو پھر ایک مکھن یا بالائی میں کھاؤ۔
پرہیز:۔ گڑ، تیل، کھٹائی سے رکھو۔

آک سے فالج اور لقوے کا مقابلہ

فالج اور لقوے سے خدا محفوظ رکھے، آدمی بدنما اور عاجز
اور اپاہج ہو جاتا ہے، نصف جسم مردار ہو جاتا ہے، منہ ٹیڑھا ہو جاتا
ہے بلکہ انسان زندہ درگو ہو جاتا ہے مگر خدا کا شکر ہے کہ اس نے

ایسی ایسی مہربانیاں کردی ہیں۔جو ان موذی امراض کے لئے
بھی کارگر ہے ضرور کہتے ہیں
تیر بہدف ہیں اس دوا سے
کسی عضو کا سن ہو جانا۔
آکھ کا دودھ، خون مرغ سفید ہم وزنی کے ساتھ کھرل اور اعضائے
ماؤف پر مالش کیا کرو۔پنجاب میں فالج کو جھولا کہتے ہیں۔یہ تیل گھنٹیا
والے کو بھی چلنے پھرنے والا بنا دیتا ہے۔

سختی عضو خاص کیلئے

نہایت سہل الحصول ہے سے ہینگ، لعاب دہن، شیر بدار کو حل
کرکے طلا کیا جائے۔عضو سخت اور فربہ ہوتا ہے پر لطف یہ کہ لذت
بھی بخشتا ہے۔لگاتے وقت خشفہ اور سیون چھوڑ کر دی جائے

معجون بیضۂ مرغ

اس قدر قوی ہے کہ قوت کم کرنے کے لئے دوا استعمال کرنی
پڑتی ہے سمجھ لیجئے کہ قدر قیامت کی چیز ہے۔
انڈے ۲۰-۲۴ گھنٹے پہلے آکھ کے دودھ میں تر رکھو۔پھر زردی نکال
لو۔عاقرقرحا ۲ تولہ، لونگ ۲ تولہ، سونٹھ ۲ تولہ خولنجان ۲ تولہ۔

دار چینی ۱ تولہ، شہد خالص ۳۵ تولہ۔ معجون بنالیں۔ کوٹ چھان کو خوراک کھانے سے پہلے ۹ ماشے روزانہ کھائیں۔ قول اطباء ہے کہ یہ صدری نسخہ ہے راز میں رہنے کے قابل ہے۔

آکھ سے مرگی کا علاج!!

مریض مرگی کے تلوؤں پر عصر کے بعد آکھ کا دودھ لگا کر کالی مرچ پیس کر بھڑک دیں اور آکھ کے پتوں کو تلوؤں میں رکھ کر موزے پہنا کریں ایک چلہ تک ایسا ہی کریں مگر پاؤں دھوئیں نہیں ایک چلہ کے بعد غسل صحت کریں اور عمر بھر آرام سے زندگی بسر کریں!

سنکھ اور آکھ

جو سنگ ریزے یعنی پتھری کو توڑنے میں خارش، سانپ کے کاٹنے ہر قسم کے بخار میں سگ دیوانہ کے کاٹنے میں جریان واحتلام کی شکایت میں سیلان الرحم، عورتوں کے مرض میں ہر قسم کے دستوں میں سوزاک میں وجع المفاصل یعنی جوڑوں کے درد نہایت زود اثر اور کارگر ہے کیا معمولی سی چیز ہے اور کتنی بیش بہا ہے اور کم خرچ بالانشیں بھی ہے آکھ کے شیر میں ذرا نمک ڈالو اور آبخورہ میں رکھو اس میں سکھ

سکھ ٹکڑا ڈال کر تاکہ تر ہو جائے پھر گل حکمت کر کے بیس سیر ارنے اپلوں کی آنچ دو۔ آگ سرد ہونے پر نکالو سنکھ شگفتہ ہو جائے گا۔ ترکیب استعمال تین تین رتی دوا بتاشہ میں رکھ کر صبح و شام کھلاؤ۔

خوراک چپاتی شوربہ۔

سنکھ ایک دریائی کیڑا ہے جو مرجانے پر خشک ہو جاتا ہے ناقوس اور صدف نام پڑ جاتا ہے، آپ نے ہندوؤں کے مندر میں سنکھ بجتا دیکھا ہوگا اکثر سنا ہوگا۔ چھوٹے بڑے سب قسم کے ہوتے ہیں، ڈیڑھ رتی سے چار سیر وزن تک کے!

کشتہ ابرک اور آکھ!

ابرک بھی کان سے نکلتا ہے کیمیا گر لوگوں کا بیان ہے کہ اس میں سے پارہ بھی نکالا جاتا ہے۔ ستارہ زمین اور کوکب الارض بھی اس کے نام ہیں سفید و سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔ مزاج سرد خشک ہے یہ کشتہ بنانے سے پہلے محلوب کیا جاتا ہے اس ترکیب سے کہ اسے کوٹ کر باریک کر لیتے ہیں اور کسی موٹی کپڑے کی تھیلی میں بھر کر ساتھ ہی چھوٹی کنکریاں بھی بھر دیتے ہیں اور گرم پانی میں بھگو کر دونوں ہاتھوں سے ملتے ہیں، ابرک ذرات کی مانند پانی میں گرتا جاتا ہے پانی کو نتھاریں

ابرک تہ میں ہوگا یہ محلوب کرنے کا طریقہ ہے۔ بڑی بڑی بیماریوں میں کام ضعفِ اعصاب جریان۔ ضعف باہ۔ ضعفِ اعضائے رئیسہ وغیرہ، مناسب بدرقوں کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

ابرک محلوب ۲ تولہ آکھ کے تین کھرل کر کے گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اُپلوں کی آنچ دو ربیس آگ دو، سُرخ رنگ کا کشتہ تیار ہو جاتا ہے ہر قسم کی کھانسی، بخاروں میں شربتِ اعجاز کے ساتھ جریان و نامردی میں نیم برشت انڈے کے ساتھ یا مکھن کے ساتھ کھلائیں، ایک سُرخ خوراک ہے۔ دافع تپِ دق بھی ہے۔

نسخہ معجون لولوی

یہ شہرۂ آفاق یونانی حکیم جالینوس کا نسخہ ہے، بے انتہا قوت باہ بخشتا ہے یہ قضیب یعنی مرد کے آلۂ تناسل کو فولاد کی مانند سخت اور طاقتور بناتا ہے پٹھوں کو زبردست قوت بخشتا ہے یہ مقوی دماغ بھی ہے قوت شہوت میں زیادتی پیدا کرتا ہے اور خون تازہ پیدا کرتا ہے۔

مروارید سفتہ یک تولہ، ببلاز ہر یک تولہ، بہمن انیون یک تولہ، سفید زہر یک تولہ، کاکیہ آدھا تولہ، سل، ابا ب آدھا تولہ، فناح اذ خرہ آدھا درم سعد کرنا رک آدھا درم، سلیخہ آدھا دانگ، دارچینی آدھا درنگ، سارون آدھا درنگ

مصطگی آدھا درنگ۔ صمغ عربی آدھا درنگ۔ ان سب ؛ زدویہ کو کوٹ بیس کر ہموزن شہد خالص میں آمیختہ کریں اور چینی کے برتن یا شیشے کے مرتبان میں ڈال کر رکھیں رات کو سوتے وقت یا ہنگام مجامعت صرف ایک تولہ شیر گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں اور قدرتِ خدا کا تماشہ دیکھیں!

نسخہ جوارش سلیمانی

یہ جوارش حضرت سلیمانؑ سے منسوب ہے اور قوت باہ کیلئے بے نظیر ہے مقوی دل و دماغ اور خون صالح پیدا کرتی ہے لسان العصافیر ۳ درم، تخم پیاز ۲ درم، تخم شلجم ۲ درم، تخم درم، طلق دار چینی ۳ درم، تخم شیر ماہی ۲ درم، عاقر قرحا ۳ درم، تخم اوٹنگن ۳ درم۔ ان کوٹ کر اور چھان کر ان میں بیس عدد انڈے ملالیں، اور آگ پر گرم کریں جونہی ذرا گرم ہو جائیں تو دودھ ملالیں جب آدھا رہ جائے تو اتار کر چینی کے مرتبان میں ڈال لیں خوراک اتولہ صبح ایک تولہ شام۔

ہڑتال کی کیمیا

اس کے متعلق لوگوں کا قول ہے کہ اگر یہ قائم النار ہو جائے تو بڑی دولت ہاتھ آ جائے ہم ذیل میں ایک ترکیب درج کرتے ہیں مگر یا قسمت یا نصیب جس کو دے مولا جس سے نہ وہ سمجھ لے کہ میری تقدیر میں ہی نہیں اس لئے کہ ...

سہ:۔ کیمیا وکیمیا وسیمیا وریمیا
کس نہ دارند جز ذات اولیا

نسخہ:۔ ہڑتال کی ڈلیوں کے اوپر نیچے پانچ پانچ آکھ کے پتے رکھ کر لوہے کے تاروں سے آڑ دیں اور ایک یا پون فٹ زمین کھود کر اتنی ہی چوڑی گول کریں۔ اور بکری کی مینگنیاں خشک بھر دیں پھر آگ لگائیں جب تھوڑی سی رہ جائے دھواں بند ہو تو ہڑتال اس میں دبا دیں اندازاً پتے جلے نہیں خشک ہو جائیں نکال لیں اور ہڑتال کی ڈلیوں کو آب نمک میں رکھیں پھر آک کے پتوں کے درمیاں بند کر کے نمک کے پانی میں بجھا دیں کم از کم سو مرتبہ ایسا کریں ہڑتال اول میں زرد پھر سرخ اور آخر میں پھر زرد ہو گی یقین ہے کہ یہ قائم النار ہو جائے گی تا بہ یر تقدیر آزمائی کریں اور ایک چاول پانی میں کھاؤ گے تو بے انتہا قوت آئے گی۔ دمہ، کھانسی، گنٹھیا، ضیق النفس کے لئے مفید ہے۔

آکھ سے کھانسی کا علاج

آکھ کے پتے اک ہانڈی کے اندر بچھا کر نمک کی ڈلیاں رکھیں پھر پتے رکھیں پھر نمک کی ڈلیاں اور ہانڈی بند کر کے ایک من اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر پیس لیں ایک ایک چٹکی چاٹیں کھانسی دفع کرنے کے لیے سریع التاثیر ہے۔

یرقان یعنی کنول بائی ویا پیلیا

اس مرض میں پیشاب زرد، آنکھیں زرد، جسم زرد، ناخن زرد اور رفتہ رفتہ بیمار ہر شئے کو زرد ہی دیکھتا ہے۔ اس کا علاج آسان سا یہ ہے۔

آکھ کی جڑ ا۔ ماشہ، مرچ سیاہ ۴ ۲ عدد گھوٹ چھان کر ذرا سا ست اجوائن۔ لالو اور دن میں متعدد بار پلاؤ۔ پونڈا یعنی گنا خوب چوسو اور روغنی اور گرم اشیاء نہ کھانے دو!

بواسیر اور آکھ!

مریض کو چاہیے کہ بعد فراغت استنجا پاک پہلے آکھ کے پتوں سے کرے پھر کچھ دیر بعد پانی سے دھوئے اس کی مداومت سے کچھ روز ہی میں بواسیر جاتی رہے گی۔ مندرجہ بالا ٹوٹکہ نہایت پُر اثر ہے۔

تازہ تازہ پتے توڑے جائیں۔ اور استنجا کریں تاکہ اس کا دُودھ بھی مقعد پر لگے۔

پھوڑوں کا مرہم

کیسا ہی ہو۔ جب تک وہ پکا نہ ہو پیپ نہ پڑی ہو۔ آکھ کا دودھ اور گائے کا گھی ہموزن ملا کر لگاؤ اور دن میں تین چار مرتبہ لگاؤ۔ خود بخود تحلیل ہو جائے گا

داد اور چنبل

آکھ کے وہ پھول جو تازہ کھلے ہوں، ۴ تولہ، پارہ ۲ تولہ، گیارہ گیارہ گھنٹہ کھرل کرو۔ حتیٰ کہ نابود ہو جائے پھر بابچی ۹ ماشہ سفوف کرکے مرکب میں ملالو، اور مکھن میں ملا کر مرہم بنالو۔ روزانہ داد، یا چنبل پر لگاؤ، ایک ہفتہ کے اندر اندر شفا ہوگی انشاء اللہ۔

کھجلی کا تیل

سرسوں کے تیل ۴ تولہ میں شیر مدار ا تولہ یعنی آکھ کا دودھ پکائیں اور چھان کر دن میں دو بار جسم پر پایا جائے ماؤف پر لیں اور تین گھنٹہ کے بعد نہائیں فوراً آرام ہوگا!

بچھو، بھڑ، مکھال وغیرہ

کے کاٹے پر آکھ کے دودھ کے چند قطرے حسب ضرورت لگادو، فوراً تسکین ہوگی اور زہر کوئی اثر بھی نہیں کرے گا۔ ضرورت کے وقت اس چیز کو نہ بھولئے۔ مجرب ہے

سانپ کے زہر کا تریاق

حضرت شیخ سعدیؒ کے زمانے میں سانپ کے زہر کا تریاق عراق میں ملتا ہوگا جسے ہی سانپ کاٹے فوراً آکھ کا دودھ قطرہ قطرہ جائے ماؤف پر ٹپکائیں یہ جذب ہوتا

رہے گا۔ جب جذب ہونا بند ہو جائے تو زہر کا اثر بھی جاتا ہے

جُزام

ہی وہ مرض ہے جس میں حضرت ایوب علیہ السلام مبتلا کئے گئے تھے۔ جذام ہی وہ مرض ہے جس کے مریض سے دنیا نفرت کرتی ہے اور ایک قسم کا جذام نہیں ہوتا۔ بلکہ مختلف قسموں کا ہوتا ہے۔ دشمن کو بھی خدا یہ آزار نہ دے یا اللہ اسی مرض میں کوئی مبتلا نہ ہو۔ بہرحال ایک آکھ کا مجرب نسخہ جذام درج ذیل ہے اور دعا ہے کہ اللہ پاک کل مریضوں کو تندرستی دے، پھول آکھ کے لا کے خشک کرلو اور باریک پیس لو پھر تم پہلے دن ایک تولہ، باب تازہ کھلا دے، ۲۷ دن تک پھر تین دتین ماشہ روزانہ کریں، اکتالیسویں دن کورس ختم ہو جاتا ہے سوائے بیسنی روٹی گھی کی سے اور کوئی چیز نہ کھائیں البتہ گھی جہاں تک کھا سکیں کھائیں دورانِ علاج میں اگر خونی دست آئیں تو گھبرائیں نہیں آرام کی علامت ہے۔

آتشک اور آکھ

آکھ کی جڑیں جلا کر کوئلہ کرلیں پھر باریک پیس کر ہم وزن چینی اور گھی ملائیں اور ہر روز چھ ماشہ کھائیں گیارہ دن کھانے کے بعد دیکھیں کہ قدرت کیا گل کھلاتی ہے اور گرمی کا مرض کہاں کافور ہو جاتا ہے۔

اعلیٰ درجہ کا ممسک دودھ

آکھ کا دودھ، سیاہ زنگ کی گلرے کا دودھ، کالے رنگ کی بکری کا دودھ ہم وزن ملا کر ہتھیلیوں اور تلوؤں پر مالش کریں خشک ہونے پر تجربہ کریں اور لطف و عیش اٹھائیں۔

ذی الارواح

ان دھاتوں کو کہتے ہیں جو چوٹ لگانے سے بکھر جائیں، ریزہ ریزہ ہو جائیں اور آگ میں رکھنے سے پگھل کر جلنے لگیں یا دھواں بن کر اڑ جائیں جیسے گندھک ہڑتال، پارہ، سنکھیا، شنگرف، رس کپور اور دار چکنا اور فلزات جیسے لوہا، سونا چاندی، تانبہ۔ ذی الارواح چیزوں کا کشتہ کرنے کے لئے آکھ نہایت عمدہ چیز ہے۔

پارے کے نام!

ہوسوں اور کیمیا گروں نے پارے کے بڑے بڑے نام رکھ لئے ہیں پارہ اور سیماب تو عام نام مشہور ہیں۔ مگر زیبق، عطارد، روح، بے چین، لرزاں، طیار طرار، الیاس عیسیٰ، خضر ابو الارواح، اسرار، طلسم، عنقا وغیرہ وغیرہ۔

مگر پارے کا کشتہ بنانا ذرا محنت کا کام ہے اور ہر ایک کا اس پر قابو نہیں

چھلتا پہلے آکھ کو جلا کر نمک نکال لیں اسی طرح راکھ کو پانی میں گھول کر متعدد بار
نتھار لیں بس دہی شے جو حاصل ہو گی نمک ہے پھر تین آدھیتولہ پر ترشی
لگا کر پارہ چڑھائیں پھر مٹی کی کٹھالی بنالی جائے آکھ کا نمک ۴ تولہ اس
میں ڈالیں ایک ادھنی رکھ دیں پھر نمک ڈالیں دوسری ادھنی رکھ دیں
اور کٹھالی کو گل حکمت کر دیں، کم از کم تیس سیر اُپلوں کی آنچ دیں سیماب کا
کشتہ تو ہو گا ہی مگر ادھنیاں بھی ساتھ ہی کشتہ ہو جائیں گی یہ کشتہ
پھولا جالا دھند امراض چشم میں بے حد مفید اور نافع ہے

رعشہ اور لقوہ کا علاج

مصری ۸ ماشہ، رائی ۸ ماشہ، پوست ریٹھا ۱ ماشہ، زنجبیل ۱ ماشہ
کلی آکھ ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر گولیاں بنائیں چنے کے برابر
ایک گولی صبح ایک شام کے ساتھ دیں، مجرب علاج ہے

اُمّ الصبیان کا نسخہ

یہ سفوف بہترین سفوف اس بیماری کے لئے ہے عورتیں سمجھتی
ہیں کہ بچے کو کوئی اوپری اسرار ہے حالانکہ یہ بات نہیں یہ بیماری
ہے مگر ہے خطرناک دست لانے والی کوئی جائے بچہ ٹھیک

ہو جائے گا۔ تخم حنظل ۲ تولہ خرماتر ۲ تولہ، مدار خشک پتوں کی راکھ عرق گلاب، پاؤ نوشادر ۶ ماشہ سب چیزیں کوٹ کر عرق گلاب میں بھگو کر جوش دیں نصف رہ جائے تو اتار کر چھان لیں۔ خوراک ارستی ہمراہ تین قطرہ شہد کے ساتھ دیں،

نسوار اُم الصبیان

جو اُم الصبیان میں فوری اثر کرتا ہے۔ درد کے وقت سنگھانا ہے تیر بہدف آرام ہوتا ہے مرچ سیاہ پیس کر اور خاکستر برگ مدار حسب ضرورت لے کر تھوہر کے دودھ میں بھگو دو۔ خشک ہونے پر کھرل کر لو اور سنگھاؤ۔

بھیم سینی کافور کا سرمہ

تمام امراض چشم کا تریاق۔ ضعف بصارت کا کحل الجواہر۔ مقوی بصر، جالا، پھولا، ناخنہ، پربال، ککروں کو دور کرنے والا آنکھ کی کھجلی مٹانے والا مجرب ہے

مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ کافور بھیم سینی ۹ ماشہ، زعفران ۹ ماشہ افیون ۳ ماشہ سرمہ سفید ۲ تولہ کشتہ جست ۲ تولہ سرمہ سیاہ ۵ تولہ

خاکسترہ گویدار ۱ تولہ سمندر جھاگ ۱ تولہ طباشیر ۱ تولہ شیشہ نمک ۱ تولہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد سوختہ ۱ تولہ مردا رید کھرل کرو۔ کھرل نہ گھسلنے والی ہو۔ پھر ہر دو الگ الگ پیس لو اور ملا لو سرمہ کی طرح باریک کر لو اور چھان لو۔

نوٹ: سمندر جھاگ کا چھلکا پہلے اتار لو جبت کا کشتہ پہلے چھان لیں سوتے وقت روزانہ سلائی سے لگائی جائے۔

بہرہ پن کی دوا

بہرہ پن کے علاوہ کان کی پھنسیوں کو بھی شفا دیتی ہے، درد گوش میں بھی مفید ہے آک برگ ۱۰ تولہ مرکب جوز ماثل۔ تلوں کا تیل ۱۰ تولہ، سرکہ انگوری ۵ تولہ، افسنتین ۱ تولہ، مغز بادام تلخ ۷ عدد، آب پیاز ۳ تولہ، برگ مدار تازہ ۷ عدد کوٹ چھان کر سب کو نرم نرم آنچ پر پکاؤ جب پانی جل جائے اس میں کاربولک ایسڈ ۴ تولہ اور ملا لو اور کان میں دو قطرے

چورن ہفت رتن

جملہ شکایات معدہ کے لئے ہاضمہ کے لئے اور قبض دائمی کو اکسیر ہے

پیپرمنٹ ۱ر ماشہ، شورہ قلمی ۳ر ماشہ، مرچ سیاہ ۳ ر ماشہ، جواکبار ۶ر ماشہ فلفل دراز ۱ر تولہ۔ نوشادر ۱ر تولہ، آکھ کے پھول ۱ تولہ، اچھی طرح کوٹ چھان کر رکھیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

ڈاڑھ کا درد

۱ پھریری لگاتے ہی کافور ہو جاتا ہے۔ زود اثر ہے۔
آئل آف کلوز یعنی روغن لونگ۔ کاربولک ایسڈ۔ کریا روٹ ٹنکچر آیوڈین، ٹنکچر آکھ کے جلے ہوئے پتے کی راکھ، سب چیزیں ہموزن لے کر شیشی میں رکھ لو اور بوقت ضرورت کام لائیں۔

حبِ سِل

بہت ہی موذی مرض ہے مگر ہمارا تجربہ ہے کہ ذیل کی گولیاں اس کے لئے تیر بہدف تریاق کا کام دیتی ہیں اور خون آنے کے دوران میں تو بڑا ہی اثر دکھاتی ہیں اس کے لئے استعمال کے بعد پھر طبی مشورے سے کوئی مستقل نسخہ بنوا کر استعمال کریں۔
کشتہ سنکھ ۲ر سرخ، افیون ۸ر رتی، گل مدار ۴ر سرخ۔ یہ دونوں ملا کر ۱۶ گولیاں بنالیں کھرل کر کے اور ایک ایک گولی صبح و شام پانی۔

کے ہمراہ دیں۔

لال شربت

یہ سل، دق ہر قسم کی کھانسی اور امراض سینہ کے لئے نہایت
عمدہ ہے انگریزی لال شربت سے بدرجہا فوائد لئے ہوئے ہیں۔
بوٹی زخم حیات خشک ۱۰ تولہ، اسطوخودوس ۲ تولہ گل گاؤزبان ملٹھی صندل سفید
صندل سرخ بنفشہ خطمی خبازی ہر ایک ۲۔۲ تولہ۔ انجبار ۵ تولے گلو
خشک ۵ تولہ پرسیاؤشاں ۱ تولہ، انجیر ۵ تولہ، مویز منقی ۳۰ عدد، برگ گھاسہ ۳ تولہ
خاکستر برگ آکھ۔ تولہ، پہلے بوٹی کو تین دن تک ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دو۔
پھر دو جوش دیں پھر چھان لیں اور اس پانی میں سب دوا جوش دیں اور
تین پاؤ نبات سفید ملائیں اور قوام شربت بنائیں۔ خوراک ایک ایک تولہ
صبح و شام پئیں، ۵ تولہ عرق گاؤزبان کے ساتھ بڑا مفید ہے

حبِّ پیچش مداری

یہ گولیاں حکیم احمد صاحب پھلواری جو آج کل پاکستان کے بہترین
طبیب ان کے تجربات میں سے ہیں اور ایک دو ہی گولی میں اپنا اثر دکھاتی ہیں
جدوار خطائی ۱ ماشہ، افیون ۴ رتی کیکر کا گوند ۲ ماشہ، چونہ ۲ ماشہ، خاکستر
رگ مدار ۱ ماشہ پیس کر گولیاں بنا لو، موٹھ کے دانوں کی برابر ایک گولی صبح ایک
شام ہمراہ آب استعمال کراؤ۔

مالیخولیا مراق دیوانہ پن

کو یہ گولیاں بہت جلد دور کرتی ہیں قبض کشا ہیں، منوم ہیں، ریاح خارج کرتی ہیں
افسنتین ۲ تولہ ہینگ ۱ تولہ، مشک خالص ۱۲ سرخ۔ گل مدار ۱ تولہ کوٹ چھان کر ۲۴
پڑیاں بنالیں روزانہ صبح وشام ایک ایک پڑیہ پانی سے دیں، قابض اور بادی اشیاء
سے پرہیز کریں۔

شربت فولاد کا اصلی نسخہ!

مقوی و مصلح امراض معدہ و جگر ہے مولد خون ہے" مشتہی و مہی ہے بھوک
لگاتا ہے کمی خون کو دور کرتا ہے مفرح قلب و دماغ ہے، خوراک ۱/۲ تولے
ہے پانی میں برف ڈال سکتے ہیں

پرہیز:۔ لال مرچ سے اس کے دوران استعمال میں پرہیز کرو۔

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ آملہ مجبیٹھ۔ مویز منقیٰ ہر ایک ۲۰ تولہ
لوہ چون ۵ تولہ، برادہ صندل ۱۰ تولے گل مدار ۵ تولہ، کوٹنے والی دوائیں کوٹ
لیں، دھوپ میں رکھیں، روزانہ برادہ آہن کو ہاتھوں سے مل دیا کریں۔ پندرہ
دن کے بعد اور پانی بقدر ضرورت ڈال کر قرعینہ انبیق عرق کشید کریں
اور مصری ۵ پاؤ اور رج سرخ عمدہ ڈالیں پھر شربت تیار کریں،
ٹھنڈا ہونے پر عرق روح لاکیوڑہ ملا دیں اور شیشوں میں بھر کر ڈاٹ
لگا دیں۔ شربت فولاد تیار ہے۔ بازار میں جو شریف ہے وہ اس
کا انگ بھی نہ ٹھہرے گا۔

دستی طحال (تلی) کا آچار

اس آچار کے استعمال سے تلی کا ورم ٹھیک ہو جاتا ہے بھوک لگتی ہے۔ اور صحت حاصل ہوتی ہے ذائقہ بھی اچار کا بڑا عمدہ ہے انجیر ۲ عدد، نوشادر، نخولکلاں ریوند چینی، زیرہ سیاہ، آکھ کے پھول زیرہ سفید، پودینہ، الائچی کلاں، ٹاٹری کلاں، جملہ دوائیں ایک ایک تولہ سرکہ ۶۳ تولہ انجیر انجیر کے سب دوائیں کوٹ کر مرتبان میں ڈال دو پھر سرکہ انجیر ڈال دو۔ اگر چاہو تو نمک طعام بھی اس میں ڈال سکتے ہو۔

درد گردہ کا علاج

شورہ قلمی تین پاؤ، نوشادر ۳ تولہ، گل مدار ۱ تولہ، خرگوش ۱ عدد، خرگوش ذبح کرو اس کے شکم میں پھر یہ ادویہ ڈال کر ایک مٹی کے برتن میں رکھو اور ڈھک کر گل حکمت کرو پھر ایک من اپلوں کی آنچ دو، سرد ہونے پر دوا نکال لو اگر دوا انگاروں پر ڈالنے سے دھواں دے تو دوبارہ ۱۵ سیر اپلوں کی آنچ دو پھر پیس لو اس میں صرف ایک ماشہ لسی کے ساتھ یا جائے زیادہ دودھ والی کے ساتھ دو انشاءاللہ دوسری تیسری خوراک ہی میں درد جاتا رہے گا۔ مگر تمام عمر درد گردہ کے آزار سے محفوظ رہنے کے لئے کم از کم ایک مہینہ ضرور دوا استعمال کرو

نوٹ:۔ خرگوش کی کھال اور آنتیں کچھ صاف نہ کریں۔

سوزاک کا ایک روزہ علاج

مرض کہنہ ہو تو پہلے مسہل دینے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ورنہ نہیں، مرض کو ایک ہی دن دوا استعمال کرنی پڑتی ہے۔

سرد چینی ۲ تولہ، گل مدار ا تولہ، بام آبل ا تولہ، پہلی یا دونوں دوائیں باریک پیس کر تیل میں ملا کر ساٹھ گولیاں بنا لو۔ اور خشک ہونے پر پندرہ منٹ کے وقفے سے پانی کے ساتھ تھوڑی تھوڑی کھالو خواہ پورے دن میں ختم کر دو، یا دو گھنٹے میں بیسن کی روٹی روغنی خوراک میں کھاؤ۔ اور کرشمہ دیکھو کچھ کسر باقی رہے تو دوسرے دن بھی کھالو، ورنہ نہیں۔

پیشاب اگر بار بار آئے یعنی !!

کثرتِ بول !!

کثرتِ بول کی شکایت ہو تو حسب ذیل دوا کھاؤ۔ مجرب ہے۔ بہت آسان اور ارزاں ہے۔ مسور بریاں ۵ تولہ، سیاہ تل بریاں ۵ تولہ، خشخاس بریاں ۵ تولہ۔ گل مدار بریاں ا تولہ الگ الگ سب کو باریک پیس کر گڑ اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن جائیں۔ ا تولہ خوراک ہے دودھ کے ساتھ صبح و شام کھائیں

پیشاب بندھو

(احتباس بول)

پہلی خوراک کھاتے ہی پیشاب کھل جاتا ہے۔ ورنہ تین پڑیاں تھوڑے تھوڑے وقفے سے چھاچھ کے ساتھ کھلاؤ:۔

زیرہ سفید ۱۴ ماشہ، کجور ۱۴ ماشہ، زیرہ مدار ہر سہ کوٹ کر اور چھان کر تین پڑیاں بنا لیں!

بے انتہا قوّتِ باہ،

کی حسرت ہو تو سات دن میں علاوہ پیدائشی نامرد کے مرد بن جاتا ہے بوڑھے جوان بن جاتے ہیں اور دودھ گھی خوب ہضم ہوتا ہے۔ تہذیب مانع ہے اس لئے زیادہ تعریف کیا کی جائے۔ ممسک بھی ہے۔

نسخہ:۔ شنگرف ۱ تولہ۔ ہڑتال ۱ تولہ، سنکھیا سفید ۱ تولہ، آکھ کے پھول، زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد پہلی تین دوائیں کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں حل کریں۔ اور کم از کم ایک ہفتہ متواتر کھرل کریں پھر گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں، پھر تیل کی شیشی کو ایک ہفتہ مدار کے پھول میں دبا دیں۔ بعدہٗ روزانہ ایک قطرہ ایک مکھن کی ٹکیہ میں کھائیں۔

دافع سرعت!

اگر کسی مرد کو سرعت انزال کی بیماری ہے تو یاد رکھئے کہ وہ اپنی عورت کی نظروں میں کبھی محبوب نہیں ہو سکتا ہمیشہ سُبک رہے گا۔ اسی لئے سب سے پہلے مرد کو اپنی طاقت و قوت کا خیال رکھنا چاہیئے۔ ذیل کا نسخہ مغلظ منی ہے اور ممسک ہے۔

سیماب یعنی پارہ ۲۰ تولہ، آملہ سار گندھک پیس کر رگڑیں کم از کم پانچ چار گھنٹہ تاکہ کجلی بن جائے یعنی سیاہ رنگ کا سفوف، پھر بہیدانہ اور کو کنار پیس کر اس میں ملاؤ اور چار حصّے کرو ایک حصّے کو باندھ کر گائے کے دودھ میں جوش دو، نصف دودھ رہنے پر اتار لو پوٹلی محفوظ رکھو دودھ پی جاؤ۔ دوسرے دن پھر پوٹلی کو آدھ سیر دودھ میں جوش دو اور نصف رہنے پر عصر کے وقت پی لو میٹھا کر کے اسی طرح پوٹلی چار دن استعمال کرو۔ گویا سولہ دن میں پینا پڑے گی پوٹلی کو اُبلنے کے بعد نچوڑنے کی ضرورت نہیں نہایت عمدہ دوا ہے۔ رقت منی کا تو نام و نشان بھی نہیں رہے گا۔

طلائے عجیب

مجلوق کے تمام نقائص کو دُور کر کے قوت بخشتا ہے بردار

بھی نہیں سہل الحصول بھی ہے خراطین مصطفیٰ ۶ ماشہ یعنی کیچوے چھاچھ
سے دھوئے ہوئے کتھریڈرز ریلاسٹرا ماشہ، بیر بہوٹی ا تولہ، چربی شیر
ا ماشہ، روغن جمال گھوٹہ ۳ ماشہ، دارچینی ۳ ماشہ، گل مدار ۳ ماشہ
تمام دوائیں ملا کر جوش دیں پھر تیل چھان کر رکھ لیں۔
حشفہ یعنی آگے کا حصہ چھوڑ کر اور سیون چھوڑ کر لگائیں اور
انڈریا پان باندھ دیں۔ اگر جرا نے نکل آئیں تو چنبیلی کا تیل لگائیں
عجیب و غریب شے ہے دوبارہ لگانے کی ضرورت ہی نہ پڑے گی

حبِ اٹھرا

جوان میں بھی بہترین ہدف ہے اور جس عورت کا حمل گر جاتا ہو
اس کو بھی تقویت دیتی ہے۔ نادر دور کا مشرق مغرب کا میل ہے
فری ایٹ الیمونیا ۳ ماشے، سائٹراس گل مدار ۳ ماشہ جدوار
خطائی۔ مشک خالص ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر چنے کی برابر گولیاں
بنالیں اٹھرا میں ایک گولی کے چار ٹکڑے دن بھر میں کھائیں۔ ورنہ بانجھ
عورت کو ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں اور پھر ہم بستری ہو اور چھ مہینے
تک عورت کو کھلائیں اور نوے مہینے بعد گود میں بچہ کھلا کر خدا سے
جی قیوم کا شکریہ ادا کریں۔

گنج کی دوا

خواہ کسی قدر پرانا ہو۔ گنج غائب، بال ہی بال نظر آئیں گے

نسخہ یہ ہے :۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ، کشتہ جست ۲۰ تولہ
تیل ناریل ۲۰ تولہ، گری کا تیل ۲۰ تولہ، نیلا تھوتھا ۶ ماشہ، آکھ کے
پھول ۱ تولہ تمام ادویہ کے دوائیں پیس کر تیل میں ملالیں اور بقدر ضرورت
سر پر لیپ کریں۔ دو گھنٹے کے بعد گرم پانی سے دھو ڈالیں، ہفتہ کے
اندر اندر گنج غائب بال نکلنے لگیں گے۔

دردوں کی اکسیر دوا،

درد سر، درد کمر، درد اعصاب، سینہ کا جوڑوں کا غرضیکہ کسی قسم
کا درد ہو فوراً آرام ہوگا۔

نسخہ :۔ سورنجان شیریں، دھنیا ہر ایک ۲ تولہ، اسپرین ۱ تولہ
ایفی ڈرین خشک ۵ ماشہ کیفین سائٹراس ۷ ماشہ، نبات سفید
۶ تولہ کوٹ چھان کر باریک کرلیں پھر آکھ کے پھول ملا کر دیں ۲، ۲ ماشہ
کی تین خوراک دن میں کھائیں!

طاعونی گلٹی اور گکرالی کا زود اثر مرہم

ان کے علاوہ ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کو بھی شفا دیتا ہے
بارہا کا آزمودہ ہے۔ نوبان کوڑیالہ، کافور خالص ہموزن کھرل
کریں اور آکھ کا دودھ قطرہ قطرہ ڈالتے رہیں۔ حتیٰ کہ مرہم بن جائے
پس پھاہا بنا کر لگائیں متورم کو بٹھا دے گا۔ ورنہ پکا کر مواد فاسد نکال
دے گا اور جلد صحت ہو جائے گی۔

سودیشی ٹنکچر

جو ہر قسم کی چوٹ پر ورم پر لگانے سے دیتا ہے، نہایت زود اثر
ہے شراب دیسی ا نار سہاگا ۱۰ تولہ، ہلدی ۱۰ تولہ مصبر زرد ۱۰ تولہ
پھٹکری ۱۰ تولہ، نیلا تھوتھا ۶ ماشہ، آکھ کے پھول ۲۰ تولہ، پیس کر
شراب کی بوتل میں ڈال کر رکھ دیں۔ بعد تین یوم کے چھان لیں ٹنکچر
تیار ہے۔ بوقت ضرورت پھریری سے لگائیں۔

بچوں کے سر کی پھنسیاں!!

جو تر ہوتی ہیں، پانی سا بہتا رہتا ہے۔ تین دن میں انہیں یہ مرہم

شفا دیتا ہے۔ مغز بادتخنم ارنڈ ۴ تولہ، دیتی ۴ تولہ، رالکھ اپلوں
کی ا تولہ۔ طوطیاں برباں ۲ رتی سب کو پیس کر تانبہ کی تھالی جو قلعی
شدہ نہ ہوں رگڑ لیں جب مرہم سا ہو جائے مرغی یا کبوتر کے پروں
سے پھنسیوں پر لگا کر ارنڈ کے پتے باندھ دیں

نسخہ صافی!

جو آج کل تمام مشہور اطباء کے مطبوں میں مستعمل ہوتا ہے،
عجیب مصفٰے دوا ہے گویا جڑی بوٹیوں کا نچوڑ ہے۔ آتشک، سوزاک
بخار، فساد خون اور منہ آئے میں مفید ہے۔ زہریلے مادے کو
خارج کرتا ہے۔

شاہترہ، چرائتہ، منڈی، ہلیلہ سیاہ، صندل سرخ، ریشہ
برادہ شیشم گل آکھ ہر ایک ۲ تولہ عناب ۷ عدد رات کو تمام دوائیں پانی
اسیر میں بھگو دیں علی الصباح ہاتھوں سے مل کر جوش دیں جب
نصف پانی رہ جائے مل چھان کر مصری اسیر ملالیں اور کوئی
خوشنما رنگ حسب ضرورت ڈال دیں۔ بس صافی تیار ہے اس
شربت میں ۵ تولہ عرق بنفشہ ملا کر علی الصباح پی لیا کریں۔
پرہیز:۔ تیل، کھٹائی سے مزاج سے رکھیں۔

عرق ملیریا (موسمی بخار)

یہ دوا کیا ہے اکسیر ہے بڑی جلد شفا دیتی ہے

کونین سلفاس، سلفیورک، ایسڈ ڈائلوٹ گل آکھ ہر ایک ۶ ماشہ ہیرا کسیس، لائیکوسٹر گھیفا ہر ایک ۶ ماشہ نگفتیا، تولہ پانی ڈھائی پاؤ، پہلے کونین اور سلفیورک ایسڈ پانی میں حل کریں۔ پھر سب دوائیں ملائیں چھ چھ ماشہ دن میں دفعہ ۱/ تولہ کاسنی کے ساتھ پلائیں مگر گھی، دودھ ساتھ ہی ضرور کھائیں۔

عرق دق

یہ صحیح ہے کہ دق طبیب را دق مے کند اور آج کل کے اطبا تو ذرا کسی کو دو چار دن بخار آیا، کھانسی کا دھسکہ اٹھا کر حکم دے دیا کہ دق ہے۔ ڈاکٹر صاحبان حکیموں سے بھی کچھ ڈگری آگے ہیں خیر جی ہمیں کیا۔ ذیل کا نسخہ ہر قسم کی کھانسی ہر قسم کے بخار کی اکسیر ہے بار ہا کا آزمودہ ہے جو صاحب تجربہ کریں گے وہ بھی ہماری تائید میں انشاءاللہ پیش ہوں گے۔

نسخہ :۔ گلو سبز تازہ ا ثمار گل آکھ ثمار، تخم خرفہ وکاہو، خشخاش سپید تخم کاسنی

بادیان ہر ایک دو تولہ۔ کدو تازہ ۱ثار، گل خوب کلاں، گاؤزبان، برادہ صندلی، گل نیلوفر ہر ایک ۱۰ تولے، خطمی ۵ تولہ، خبازی ۵ تولہ، بپستان ۱۲۶ عدد گاجر کا تازہ ۱۰ثار، شیرہ انار ترش ۱۰ عدد، سنترہ ۱۰ عدد، سیب ۱۵ اسک سوس ۳ تولہ، برگ ہاسہ ۲ تولہ، عناب ۱۰۰ عدد بکری کا دودھ تازہ ۳ ثار۔

میوہ جات اور دودھ کے علاوہ دوائیں کوٹ کر حسب ضرورت پانی میں تر کریں ایک دن رات کے بعد میوے کوٹ کر اور دودھ دونوں ملا دیں اور بذریعہ قرنبیق عرق کھینچیں تولہ عرق صبح و شام پلائیں۔

لسی۔ اچار، گوشت، تیل، سرخ مرچ اور دیگر اشیاء مضر سے سخت پرہیز کریں۔

حبّ دافع احتلام

اکثر عالم شباب میں یار دوست کی وجہ سے جلد جلد احتلام ہونے لگتا ہے اور آدمی کی کمزوری بڑھتی جاتی ہے اس شکایت کو دور کرنے کے لئے ذیل کا نسخہ بنا کر استعمال کریں انشاءاللہ شکایت کافور ہو جائے گی اور لطف یہ کہ صرف ایک ہفتہ مکمل آرام ہو جائے گا۔ ککڑی کے بیج، املی کے چیٹس گل آکھ ہر ایک تین ماشہ، افیون ایک ماشہ باریک پیس کر گوند کے

پانی سے چنے کے برابر گولیاں بنا لیجئے اور صبح و شام ایک ایک گولی کھایئے

طلائے خاص مقوی المقوی

عضو خاص کا بڑھاپا پن کھوتا ہے۔ لاغری کو دور کرتا ہے پھرا پارہ نہیں رکھتا مقوی بے انتہائی ہے یہ وہ تحفہ ہے کہ ضرورت مند استعمال کریں گے تو پھر دعائیں دیں گے۔

جوان انسان کے سر کے بال ۲ تولہ مالکنگنی ۱ تولہ تخم ہرمل ۱۰ تولے جائفل ۵ تولے گل آکھ ۵ تولہ لونگ ۵ تولہ ان سب کو کوٹ کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالنے کی ترکیب کسی طبیب سے پوچھ لیں اور تیل خشفہ اور سیون بچا کر رات کو لگائیں، نرم نرم ہاتھوں سے ملیں اور پھر پان باندھ کر سو جائیں، صبح ہی گرم پانی اور صابن سے دھوئیں۔ کم از کم ایک یا گیارہ دن یہ عمل کریں

دوائے جریان

جو اطبائے دہلی و میرٹھ کے صدری مجربات میں سے ہیں سہل الحصول بھی ہے۔ غریب پرور بھی کثیر الفوائد بھی زود اثر ہیں۔

ھباشیرہ ۵ ماشہ، کیکر کے پھول ۵ ماشہ، آکھ کے پھول ۵ ماشہ، کافور ۲ ماشہ

کندر سفید ۱ تولہ، بھوپلی ۶ ماشے   قلعی ۳ ماشے۔

سب کو شیر برگد یعنی بڑ کے دودھ میں کھرل کر لیا جائے اور نخودی گولیاں بنا لی جائیں ایک ایک گولی صبح و شام کھائیں، غذا ہلکی کھائیں۔ غذا ہلکی کھائیں تیل مرچ نہ کھائیں، مگر غسل روزانہ ضرور کریں، جماع سے اجتناب رکھیں ۲۱ دن ہی میں لوہا لاٹ بن جائینگے۔

حبِ سرعت و ممسک

تجربہ کیجئے تعریف بے کار ہے۔

گل آکھ کچلہ۔ افیون، زعفران ہموزن پیس کر گولیاں نخودی بنالو۔ مباشرت سے تین گھنٹے پہلے دودھ سے کھاؤ۔ پھر نمک کی کوئی شے نہ کھاؤ۔ بہتر یہ ہے، کہ غذا بھی کچھ نہ کھاؤ دودھ پی لو، اور زندگی بہار لو۔

ذیابیطس کی گولیاں!

فری آرسی ناس $\frac{1}{8}$ گرین، کوڈایا فاس۔ فاس گرین۔ ایکسٹریکٹ ٹکس وامیگا $\frac{1}{4}$ کونین سلفاس ہادرڈ ۲ گرین، ایک عدد آکھ کا پھول ایک عدد، ایک گولی کا وزن ہے جتنی چاہے بنالو، غذا سے آدھ گھنٹہ کے بعد صبح و شام ایک

ایک گولی کھاؤ۔

گوشت، انڈا، ملائی خوب کھاؤ، ترکاریاں وہ کھاؤ جو زمین کے اوپر پیدا ہوتی ہیں جیسے کریلے، گوبھی، وغیرہ، چاول، میٹھی چیز حتیٰ کہ چائے بھی نہ کھاؤ پیو پھل بالکل نہ کھاؤ۔

ہاں گر نار بوٹی مل جائے وہ کھاؤ نمکین کھاؤ، خوب کھاؤ۔

دِل دھڑکنے کی دَوا

خفقان، دل کی کمزوری، دل کا دھڑکنا۔ حرارت قلب اور دل کے تمام امراض کی اکسیری دوا ہے۔ اگرچہ ضعفِ دماغ میں بھی مؤثر ہے۔

صندل سفید، دولہ، طباشیر، ملوہ سفید، گل گاؤزبان، کہربائے شمعی، گل آکھ دھنیا خشک، نارجیل دریائی، زہرمہرہ خطائی۔ ورق نقرہ، دانہ الائچی خورد کشتہ **عقیق**۔ کشتہ مرجان ہر ایک ایک تولہ مصری سفید ۳ تولہ۔

پہلے ہر دوا الگ الگ پیس لو۔ پھر سب ملا کر باریک کریں۔ یہ سفوف شربتِ صندل کے ساتھ کھلائیں یا مکھن میں کھلائیں دل کی طاقت روز افزوں بڑھے گی

دوائے کنول باؤ!

ایک ہفتہ استعمال سے یرقان زرد اور سیاہ دونوں کو کھو دیتی ہے

اور آسان نسخہ یہ ہے۔

پھٹکری سفید گرم توے پر رکھ کر کھیل کر لیجئے پھر اسی برابر گل آکھ خشک کر کے پیس لیجئے۔ اور دونوں کو ملا کر پہلے دن ایک چٹکی دوسرے دن دو اور تیسرے دن تین دہی کے ساتھ کھلاؤ۔ بعد تین دن کے ہفتہ بھر تک تین چٹکی ہی کھلاتے رہو یرقان کا نام و نشان بھی نہ رہے گا۔

مریض اگر چاہے تو گا خوب کھائے ترکاری میں مسور کی دال مقرر دو۔ مجرب دوا ہے۔

حب آکھ قبض کشا!

قبض دائمی کا بہترین علاج ہے تو عارضی کا پھر کیا ذکر۔ نفخ شکم اور تبخیر کو بھی نافع ہے۔ باد گولہ۔ قولنج اور ریاحی درد کو تسکین دیتا ہے۔ اور فوری حیرت انگیز مدت میں شفا دیتا ہے۔

خوراک:۔ صرف ایک یا دو گولی پانی کے ساتھ دیں۔

حنظل یعنی اندرائن پختہ تازہ ۴ سیر کے ٹکڑے کر لو اور پانی چھ تار میں جوش دو۔ جب پانی ایک سیر باقی رہ جائے آتار لو اندرائن کو مسل کر نکال دو۔ اور پانی چھان کر دوبارہ آگ پر رکھو۔ جب گاڑھا قوام ہو جائے تو آکھ کے پھول باریک

کر کے ڈال دو۔

ترید سفید ۳ تولہ، ہلیلہ زرد ۱ تولہ سونٹھ ۲ تولہ باریک کوٹ چھان کر کرو۔
اور کسی کونڈے میں لکڑی کے گھوٹنے سے گھوٹو۔ اور پھر گولیاں نخودی بنا لو۔

دائمی نزلہ اور زکام

سے اگر پیچھا چھڑانا ہو تو ذیل کا نسخہ استعمال کرو انشاء اللہ پھر نزلہ اور زکام
اور اس کے متعلق دوسرے عوارض پاس بھی نہ پھٹکیں گے بعض لوگ جن کو
ہمیشہ زکام نزلہ گھیرے رہتا ہے ان کے لئے بہترین چیز ہے۔

تخم خشخاش سفید ۶ ماشہ، بہلو چین ۶ ماشہ، بزرالبنج سفید ۶ ماشہ صمغ عربی
۶ ماشہ، کوکنار ۶ ماشہ، تخم کاہو ۶ ماشہ، تخم دھتورہ سیاہ ۳ ماشہ، آک کے پھول
۶ ماشہ تخم سیاہ ۱ ماشہ۔

سب دوائیں باریک کرلو اور پھر پانی میں گوندھ کر مرچ سیاہ کی برابر گولیاں
بنالو صبح دوپہر شام دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسو بہت مفید ہوں گی

نسخہ ضیق النفس

جو کا آک کے دودھ میں تر کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور گھی میں

کر کے ڈال دو۔

تربد سفید ۳ تولہ، ہلیلہ زرد ا تولہ سونٹھ ۲ تولہ باریک کوٹ چھان کر کرو۔ اور کسی کونڈے میں لکڑی کے گھوٹنے سے گھوٹو اور پھر گولیاں نخودی بنا لو۔

دائمی نزلہ اور زکام

سے اگر پیچھا چھڑانا ہو تو ذیل کا نسخہ استعمال کرو انشاء اللہ پھر نزلہ اور زکام اور اس کے متعلق دوسرے عوارض پاس بھی نہ پھٹکیں گے بعض لوگ جن کو ہمیشہ زکام نزلہ گھیرے رہتا ہے ان کے لئے بہترین چیز ہے۔

تخم خشخاش سفید ۶ ماشہ، بیلوچنی ۶ ماشہ، بزرالبنج سفید ۶ ماشہ صمغ عربی ۶ ماشہ، کوکنار ۶ ماشہ، تخم کاہو ۶ ماشہ، تخم دھتورہ سیاہ ۳ ماشہ، آکھ کے پھول ۶ ماشہ تخم سیاہ ا ماشہ۔

سب دوائیں باریک کرو اور پھر پانی میں گوندھ کر مرچ سیاہ کی برابر گولیاں بنالو صبح دوپہر شام دو دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسو بہت مفید ہوں گی

نسخہ ضیق النفس

جو کا آکھ کے دودھ میں تر کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور گھی میں

جان یوا ثابت ہو جاتا ہے اس کے ابتدا ہی میں سد باب کر دینا چاہیئے یہ نسخہ ویسے تو معمولی ہے مگر بڑا زود اثر ہے سہل الحصول ہے۔ گھی کوار کا پانی ۲ تولہ سونٹھ پسی ہوئی ۳ ماشہ۔ سفوف میں پانی ملا دیں اور کھلائیں فوراً اثر دکھائے گا۔

عظیم طحال

یعنی تلی کا ورم یہ مرض بھی کمبخت جس کو ایک بار ہو جاتا ہے۔ بار بار پھر تکلیف دیتا ہے اکثر ملیریا کے بعد ضرور ہوتا ہے۔ پھرنے سے دم پھولتا ہے۔ مریض سست رہتا ہے ذیل کا نسخہ عظیم ہے طحال میں بڑا موثر ہے گھی کوار کا گودا، عرق ادرک آک کے پھول، پرانا گرم تیز سرکا۔ شہد خالص، ہم وزن نصف نار، سہاگہ، پھٹکری بریاں، قلمی شورہ، سونٹھ، جوکھار، ہر ایک ایک کوٹ کر سات دن برابر دھوپ اور اوس میں رکھیں پھر چھان کر استعمال کریں اور ایک ایک تولہ صبح شام دیں۔ دیگر امراض شکم میں بھی مفید ہے

قوتِ باہ کیلئے مفید

گل آکھ تین ماشہ، شاہ دیک ۲ عدد خشک کر لو، سنکھیا سفید دو تولہ کا جوہر اڑاؤ۔ بذریعہ پاتال جنتر۔ اسفوف میں ایک تنکا جوہر کے کر مکس کی

ٹیکہ میں رکھ کر کھائیں بس تہذیب مانع ہے۔ زیادہ کچھ لکھنا فضول ہے۔ مایوس العلاج بیمار اور نامرد تجربہ کریں۔

آتشک کے لئے

اور سوزاک کے لئے کشتہ طوطیا لاجواب تریاق ہے خوراک ۲ سرخ سے ۳ سرخ ہمراہ مکھن تازہ کشتہ بنانے کی ترکیب گذشتہ صفحات میں درج ہے

بچوں کے اکثر امراض کا حکیم

ذیل کی دوا ہے اور نہایت زود اثر اور مجرب ہے دست اور قے کو مفید ہوتا ہے، بدہضمی، نفخ شکم میں پیچش میں موثر ہے ایک گولی شیر مادر میں گھس کر دینی چاہیئے گرم کر کے دو گے دست آئیں، ٹھنڈی دو گے دست بند ہوں گے جب بچے کا پیٹ صاف رہتا ہے تو وہ بیمار بھی نہیں ہوتا ہے پیٹ ہی کے پلیٹ سے بچے بیمار ہوتے ہیں۔ عود صلیب ۳ ماشہ، زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ، کہربائے شمعی ۳ ماشے گل سرخ ۱ تولہ، سونف ۳ تولہ نسلوچن ۳ ماشہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ، نمک لاہوری ۲ تولہ، پودینہ خشک ۱ تولہ، شیرہ ۷ تولہ، سونٹھ منقہ میں بقدر دانہ ماش گولیاں بنائیں۔

جوارِش

عربی ہے جو گوارش سے معرب کیا گیا ہے۔ اس کے معنی ہیں معدہ میں کسی شے کا ہضم ہونا۔ اس لئے ایسے مرکبات کو جوارش کہنے لگے اصلی نام سب نے بھلا دیا حکیم جالینوس کا مرتب کردہ نسخہ اس قدر مفید اکثر امراض میں ہے کہ قریب قریب سب لوگ جوارش جالینوس کے نام سے واقف ہو گئے۔ اطباء کا تجربہ ہے۔ اگر آکھ کے پھول کوٹ کر اس میں ملائے جائیں۔ تو فی چھٹانک ۱ تولہ کے حساب سے تو اور زیادہ اثرات پیدا ہو جاتے ہیں صاحبِ فن تجربہ کریں۔

طریقۂ استعمال و فوائد

خوراک ۲ ماشہ سے ۹ ماشہ تک بعد کھانا کھانے کے کھائی جاتی ہے:-

- عرق بادیان آدھ پاؤ کے ساتھ اگر کھائی جائے گی تو ایک تو کریلا کڑوا دوسرے نیم چڑھا کی مثال صادق آئے گی۔
- فولاد کا کشتہ۔ سرخ ملا کر کھانے سے بہت زیادہ مقوی ثابت ہوتی ہے۔!
- ضعف ہضم میں بڑی زود اثر ہے

- اس کی مداومت چست چالاک رکھتی ہے بعض لوگوں نے معمول بنا رکھا ہے۔!
- مادہ فاسد سے جو تیز ی درد سر ہوتا ہے اس میں بے انتہا مفید ہے۔!
- گندہ دہنی دور کر کے منہ کو خوشبودار بناتی ہے۔
- زیادتی پیشاب کو بدرجہ معمول لاتی ہے۔
- کاسد الریاح ہے ریاحی امراض میں کارگر ہے۔
- بلغمی کھانسی کا تریاق ہے۔
- بادی بواسیر میں بھی نہایت درجہ نافع ہے۔
- درکمر کے لیے تین ہفتہ کھانا چاہیے۔ موثر ہے۔
- بیمری اس کے کھانے اور مداومت سے خارج ہوتی ہے یا
- تحلیل ہو جاتی ہے۔
- بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتی ہے۔
- مقوی باہ بھی ہے۔
- ضعفِ معدہ میں بڑا کام کرتی ہے۔
- مفرح ہے دل کشا ہے دماغی کام کرنے والوں کے لئے

و اکثر شہوانی غلط کاریوں میں بھی مؤثر ثابت ہوتی ہے۔

بنانے کی ترکیب

سفید الطب بیج الائچی خورد۔ خولنجان۔ لونگ۔ دارچینی۔ ناگرموتھ۔ سونٹھ، سیاہ مرچ۔ فلفل دراز۔ عود عنبر، قسط شیریں، تخم مورد اسارون۔ چرائتہ شیریں۔ زعفران خالص ہر ایک ۲ تولہ۔ گل آکھ ۲ تولہ۔ مصطگی ۵ تولہ، مصری ایک پاؤ، شہد خالص نصف سیر۔ تمام دوائیں کوٹ چھان کر مصری و شہد کا قوام بنا کر ڈال دیں اور خوب ملائیں نسخہ جوارش تیار ہے۔

جواہر مہرہ

جو مردہ ہونے کے قریب پہنچ چکا ہو۔ اسے بھی اگر وہ چاول خمیرہ گاؤزبان میں رکھ کر کھلا دو گے تو وہ بھی ایک دفعہ کو اٹھ بیٹھے گا کمزوری میں بڑا کام کرتا ہے گویا آخری اور انتہائی سہارا ہے ایک ہی خوراک حیرت انگیز اثر دکھائے گی۔ دل کے مریض کے لئے انتہائی فائدہ بخش ہے خفقان ہول دلی۔ عشق میں بھی اسے نہ بھولیں یہ صحیح ہے کہ موت کا علاج کوئی نہیں مگر زندگی بخش ہے اسے کھلا کر اگر گائے کا دودھ پلا دیا جائے گا تو وہ بھی سونے پر سہاگہ ہوگا۔

بنانے کی ترکیب!

نر مہرہ خطائی ۱/- تولہ، مروارید بسد کہربا، لاجورد مقسول، یاقوت سُرخ، یاقوت کبود، یاقوت زرد، یشب سبز، زمرد اخضر، عقیق سُرخ، مصطگی رومی ورق نقرہ، ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، مومیائی و مشک خالص پرنے دو ماشہ یعنی ۸ رتی تمام دوائیں کھرل کر ڈالیں اور ایک ہفتہ تک روح کیوڑہ اور روح گلاب میں کھرل کریں تیس پھول آکھ کے بھی شامل کر دیں سُرمہ کی طرح باریک کریں یہ طبی دنیا کی بڑی مایہ ناز دوا ہے۔

حبوب زعفرانی ظہیری!

یہ گولیاں نزلہ و زکام کیلئے مجرب ہے اور چند روز استعمال سے پرانے سے پرانے مرض کو ختم کرتا ہے۔

نسخہ: جند بید ستر ۱ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، رب السوس ۳ ماشہ، دارچینی ۲ ماشہ، افیون ۱ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، صمغ عربی ۵ ماشہ، کتیرا ۵ ماشہ، نشاستہ ۵ ماشہ، گل آکھ ۳ ماشہ، کوٹ چھان کر سیاہ مرچ کی برابر گولیاں بنالیں اور سوتے وقت دو گولیاں ہمراہ آب کھالیا کریں۔

حبِّ سلاجیت بداری

دماغ کی قوت کے لئے بڑا بہترین نسخہ ہے۔ پہلے سلاجیت کو بدار کے یعنی آکھ دودھ تین رات دن تر رکھیں اور بہبش ۶ ماشہ، جائفل ۶ ماشہ جاوتری ۶ ماشہ کے ہمراہ کھرل کریں۔ آدھی رتی وزن کی گولیاں بنا لیں چوبیس گھنٹے میں ۴ گولیاں یعنی صبح و شام دو پہر تک سکتے ہیں یہ گولیاں ممسک بھی نہایت ہیں۔ لنگور سلاجیت چاٹتا ہے اور اس میں قوت ہوتی ہے کہ چھلانگ لگا کر وقت خطرہ درمیان سے لوٹ آتا ہے سلاجیت ایک بیش بہا طاقت والا کھیل ہے۔

مقوی باہ کھیر

نامرد کو مرد، بوڑھے کو جوان اور جوان کو نوجوان بنانے والی خوش ذائقہ غذا کی کھیر غذا کی غذا دوا کی دوا۔ نسخہ ۲۵ عدد سیاہ تل ۲ تولہ گوکھرو دونوں خوب باریک پیس لئے جائیں پھر آدھ سیر دودھ میں بکری کے کھیر کی طرح پکائیں پکنے پر سات پھول آکھ کے اور مصری حسب ضرورت خوب گھوٹیں ٹھنڈی ہونے پر کھائیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔

منہ آنے کا علاج

زیرہ سفید ا ماشہ، کتھہ سفید ۴ سرخ، گل آکھ اعدد پہلے گل آکھ کو کے میں مسل کر چھان لو، پھر اس پانی میں زیرہ بھگو دو تھوڑی دیر بھیگا رہنے کے بعد خشک کرلو بوقت ضرورت پہلے زیرہ چباؤ، پھر کتھہ اور لعاب دہن کو چھالوں یا دانتوں پر زبان سے لگاتے رہو دو دن میں آرام ہو جائے گا۔ ٹھنڈک پڑے گی۔

سرمہ پڑبال

نیلا تھوتھا بریان، ۱ سرخ، کونہ فیم ۶ ماشہ، دونوں سرمہ کی طرح باریک پیس کر باندھ کر ۲۴ گھنٹے آکھ کے پھولوں اور پتوں میں دبا دو، پھر نکال کر پڑبال اکھاڑ کر سرمہ سلائی سے لگائیں چند روز استعمال سے پڑبال غائب ہو جائیں گے۔

تریاق وارثیہ

فقیری عطیہ، یوں تو ہزاروں نسخے دیکھے ہوں گے پر اس جیسا نہیں دیکھا ہوگا نسخہ آسان اور کم خرچ اور کثیر الفوائد ہے۔

نسخہ:۔ ٹھیکری حسب ضرورت لے کر آبخورہ آب نا رسیدہ میں ڈال کر کپڑ مٹی کرو، مگر دا منح رہے کہ برتن یعنی کوزہ اس قدر بڑا ہو کہ ٹھیکری ڈالنے کے بعد بھی آدھے سے زیادہ کوزہ خالی رہے اب اس کو نان بائی کے تندور میں

رکھو اور کم از کم تین چار گھنٹے پڑا رہنے دو پھر نکال کر سرد ہونے پر باریک پیس لو

• نسیاں کے مرض میں ۴ سرخ ہمراہ مصری کھلاؤ
• آنکھ دکھنے میں شہد ملا کر آنکھ میں لگاؤ۔
• نکسیر بند کرنے کے لئے سنگھاؤ۔
• کان کے درد میں کان میں ذرا سی ٹپکاؤ اور لیموں کا عرق نچوڑ دو۔ پیپ کان کے نہ جانے دو!
• دانتوں کی تکلیف میں منجن کی طرح ملو
• کھانسی کی تکلیف میں ۲ سرخ روزانہ منقیٰ میں کھلاؤ
• منہ سے خون آئے تو ۲ ماشہ ہمراہ شیر بکری کے دو۔
• پیچش و اسہال میں ۲ ماشہ صبح و شام دیں۔
• سوزاک میں گیرو ہموزن ملا کر تین پڑیہ برشت بزوری کے ساتھ دیں
• بخار میں ایک ایک گھنٹہ میں ایک ایک پڑیہ دے۔
• کژدم گزیدہ کے لئے پانی میں حل کر کے لگاؤ

ضروری نوٹ:۔ پھٹکری پینے سے پہلے آک کے دودھ میں ۲۴ گھنٹے بھگونے کے بعد بریاں کرو اور پھر نوش!

معجون

دواؤں کا مجموعہ شہد میں قوام کیا جاتا ہے اُسے کہتے ہیں جوارش خوش ذائقہ ہوتی ہے۔ یہ شرط نہیں۔ شہد کا قوام اس طرح کیا جاتا ہے کہ گرم کریں شہد کو اور جوش دے کر اتاریں اس میں دوائیں ملائیں قوام مناسب ہے تاکہ معجون یا جوارش ہو۔ نہ سخت شہد گرم کرتے وقت جو جھاگ آئے انہیں اتار لو معجون یا جوارش چینی یا کانچ کے برتن میں رکھنی چاہیئے اور برتن صاف اور خشک ہو۔

معجون آرد خرما

مشہور معجون ہے۔ بڑی مقوی باہ، مقوی دل و دماغ ہوتی ہے۔ ۹ ماشہ کھائی جاتی ہے دودھ کے ساتھ جریان کے لئے مفید ہے مغلظ مادہ تولید ہے گم شدہ شباب اس معجون سے لوٹ آتا ہے نذیر کی ہے۔ آرد خرما نصف ثار خشک، سنگھاڑہ نصف ثار صمغ عربی نصف ثار کوٹ چھان لو، مغز بادام شیریں ۵ تولہ مغز خندق ۵ تولہ باریک پیس لو ترنجبین ۲۰ ثار اور شہد ۲ ثار کا قوام کرو اور سب چیزیں اسی میں اور مغز ملا اور تولہ ۱ تولہ لونگ ۲ ماشہ جاوتری ۳ ماشہ جائفل ۳ ماشہ مالکنگنی ۳ ماشہ بھی پیس کر اسی میں ملا لو ربس معجون تیار ہو گئی۔ بوقت ضرورت استعمال کرو۔ دوران میں تیل، کھٹائی مرچ سے پرہیز رکھو مباشرت سے بھی پرہیز مفید ہے۔

گلقند

جوڑوں کے درد میں مفید ہے گلاب کا پھول سب پھولوں کا سردار ہے اسلئے

یہ دوا اسی طرح سمجھنی چاہیئے۔ سل کا مریض اگر پیٹ بھر کر اُسے کھائے تو بقول شیخ الرئیس سل میں اس کو موت نہ آئے گی۔ گلقند مدار کے پھولوں کا اور دوسرے پھولوں کا بن سکتا ہے جو اپنی اپنی جگہ علیحٰدہ علیحٰدہ مفید ہے یہاں صرف گلاب کے پھولوں کا گلقند بیان کیا جاتا ہے۔ گلاب کے تازہ پھول لے کر ۳ گنا شہد خالص کے قوام میں ملا کر دھوپ میں رکھیں تین چار دن ایسا کریں۔ گلقند تیار ہے۔ مثانہ کی تکلیف اور اخراج پتھری میں بھی مؤثر ہے۔

گلقند گل آکھ!!

گل آکھ کے پتّے زیرہ الگ کر دیا جائے اور سکھا لیے جائیں اور حسب ترکیب بالا گلقند تیار کر لیا جائے۔ خوراک ۶ ماشہ

فوائد:۔ درد معدہ، تخمہ بدہضمی میں مفید ہے

طلائے مجلوق مداری

گل مدار ۱ تولہ، سرسوں کا تیل ۱ تولہ، لونگ ۳ تولہ، ایک ہفتہ دھوپ میں رکھ کر مسل کر چھان لیں، پھر حشفہ بچا کر ہر پری سے عضو پر لگائیں۔ کجی، لاغری سستی، سب چند روز میں جاتی رہے گی۔

عجیب و غریب طلائے مورچہ

لمبے لمبے ٹانگوں والے مکوڑوں جو اکثر قبرستان میں ملتے ہیں، تلاش کرو جس سوراخ میں وہ رہتے ہیں بال کھود دے گے تو ایک بچھو کا جوڑا بھی نہیں

ضرور ملے گا۔ اسے چمٹے سے پکڑوا اور ۳، ۴ تولے تلوں کے تیل میں جلالو اس میں روغن آکھ قدرے ملالو۔ اس تیل کے تین چار قطرے حشفہ و سیون چھوڑ کر عضو پر ملو ایک ہفتہ ہی میں مادر زاد نامرد کے علاوہ اس قدر طاقت کا مشاہدہ کرے گا کہ برداشت و ضبط نہیں کرے گا۔ مایوس العلاج مریض بھی اس سے مستفید ہوں گے۔

روغن آکھ بنانے کی ترکیب!

آکھ کے پھول حسب ضرورت لے کر سرسوں کے خالص تیل میں بھگو دیں تیل میں ڈوبے رہیں روزانہ دھوپ میں رکھو جس قدر تیل کم ہوتا ہے اور ڈالتے رہو ایک ہفتے کے بعد مل کر اب چھان لو۔ یہ تیل روغن آکھ کے نام سے منسوب ہے اور بڑا مفید ہے۔

آکھ کی چٹکی

ذات الجنب اور ہر قسم کے درد دل کے لئے ادھر کھلاؤ ادھر درد دار کا چھلکا ۶۰ ماشہ، افیون ۴ ماشہ، قلمی شورہ ۳ ماشہ، کشتہ بارہ سنگا پیس کر سفوف کر لو۔ ۴ رتی بتاشے میں رکھ کر کھلا دو۔ اوپر سے چائے پلا دو کسی قسم کا درد ہو دم بھر میں سکون حاصل ہوگا۔

تنبیہ:- حاملہ کو یہ سفوف نہ کھانا چاہیئے۔

سفوف اور ذانہ

یہ سفوف دم بھر میں ہر قسم کی قے کو رد کرتا ہے خوراک ۴ ماشہ ہے

ابکائیاں آنی بھی بند کرتا ہے۔ انار دانہ ترش ۱۰ ماشہ، مویز منقہ ۷ ماشہ، زیرہ سیاہ ۳ ماشہ، زیرہ آکھ ۳ ماشہ، کوٹ چھان کر سب کا سفوف بنائیں اور بوقت ضرورت بے تکلف کام میں لائیں۔

امراض دماغی

مرگی بند زلہ اور درد شقیقہ یعنی آدھے سر کا درد یہ سب امراض دماغی میں میگنٹ آف پٹاس ۱ ماشہ، آکھ کا دودھ نصف ماشہ میں باریک کر کے سکھائیں وقت ضرورت بطور نسوار استعمال کریں آپ اس قدر چھینکیں لگے کہ آرام ہو جائے گا۔

شربت بنانا

مصری ۱۲ تولہ، عرق گلاب ۱۲ تولہ میں خوب نرم آنچ پر پکائیں اور قوام تیار ہونے پر اتار لیں اگر اس میں ۱۲۰ بوند میال فردارید کی ڈال دی جائے تو یہ شربت موتی جھرہ میں پلانا مفید ہوگا اور ضعف قلب وضعف دماغی میں بھی۔

شربت منوم

یعنی نیند لانے والا سب پیتے ہی فوراً نیند آجائے۔ مغز بادام شیریں ۲ تولہ، مغز چہار مغز ۲ تولہ، پٹاس برائڈ ۱ تولہ، کلول ہائیڈریٹ ۶ ماشہ، مقویات کا شیرہ عرق گلاب میں نکال لیں اور چھان لیں

اس میں دونوں دوا کو حل کر دیں پھر مصری قدرے گلاب میں نکال لیں اور چھان لیں اس میں دونوں دوائیں حل کر دیں پھر مصری قدرے تین پاؤ گل مدار وہ پانی جس میں آکھ کے پھول بھگوئے جا چکے ہوں ۱۱ میں قوام کریں اور اس میں شیرہ مغزیات ڈالیں ہلکا سا جوش دے کر شربت کر کے آگ سے اتار لیں اور سرد ہونے پر بوتل میں بھر لیں صرف دو تولے صبح اور تولہ شام پلائیں خوب نیند آنے لگے گی تجربہ کیا جا چکا ہے زود اثر ہے۔

اڈنے اپلے کی راکھ

آکھ کے دودھ میں تر کر کے خشک کر لی جائے یہ راکھ بوقت ضرورت اکسیر کا کام دیتی ہے مرتے ہوئے آدمی کو اگر ماشہ کھلا دی جائے گی تو ایک دفعہ وہ بھی اٹھ بیٹھے گا، تجربہ ہے۔

آکھ کی راکھ

آکھ کے پتے خشک کر کے جلا لو اور چھان کر شیشی میں بھر لو ذرا سا نمک پیس کر ملا لو، پھر شہد میں ملا کر ذرا سی چٹا دو سریع الاثر ہے درد قولنج اور درد شکم، درد ریاحی کے لئے

عرق النساء اور درد لنگری کے لئے

بھی مرکب سے بھی دور ہو جاتا ہے یہ راکھ جس قدر ہو اسی قدر دیگر دیں

اور ویسلین بھی ملالو جائے ماؤف پر روز مالش کرو بعد مالش گرم پانی سے
غسل کر لیا کرو انشاء اللہ ایک ہفتہ کی مالش سے درد کا پتہ بھی نہ رہے گا۔

حب خاکستر گل مدار

جو گندھک کے پانی سے تیار ہوتی ہے چنے کے برابر گولی نہایت ہاضم
ہوتی ہے خوش ذائقہ بنانے کے لئے ذرا سا نمک بھی گل مدار میں ملا دیا جائے۔

آکھ کے جنگل کی مٹی!

چھان کر ویسلین میں ملالو مگر درخت مدار کے قریب کی ہی ہو زیادہ
دور کی نہ ہو مرہم اکثر پھنسیوں اور دانوں پر لگانے سے شفا حاصل ہو جاتی
ہے نایاب مرہم ہے

قیام گندھک

بڑی مشکل سے ہوتا ہے اور جو بوس اس کی جستجو میں رہتے ہیں مگر جس پر خدا
فضل کر دے۔ ذیل میں اسی لئے ایک ترکیب درج ہے تجربہ کر دیکھیں ایک آملہ گندھک
ڈھائی تولہ لہسن کی پھندی میں رکھ کر آرد گندم میں غلہ بنالیں اور آکھ کی بھوبل میں
پکائیں جب سرخ ہو جائے نکالیں اور اسی طرح چالیس مرتبہ کریں گندھک قائم
ہو جائے گی۔

دیگر

برگ مدار زردہ دو سیر ہانڈی میں رکھ کر آگ میں رکھیں جب خوب آجائے
نکال کر عرق نکالیں کوٹ کر اور اسے پھر ہانڈی میں رکھ کر گندھک اچھا ایک

کی اس میں معلق لٹکا دیں، اور آگ دیں پانی خشک ہو جائے اور گندھک قائم ہو جائے گی پھر گندھک پیس لیں۔

سجی کا تیل

اس کی تلاش بھی کیمیاگر بڑی کرتے ہیں مگر ناکارہ رہ جاتے ہیں، ترکیب یہ ہے سجی نار سفید ا کھ کہ پانی میں تر کرو۔ آٹھ پہر کے بعد مقطر کر کے نکاؤ جب نمک ہو جائے اتار لو اور چینی کے پیالے میں عرق لیمو سے تر کر کے دن کو دھوپ میں اور رات کو ملائم آگ پر رکھو اگر عرق خشک ہو جائے اور ڈال دو جتنی کہ گر کر بہہ جائے یہ تیل سجی ہے

جوہرہ،

سنکھیا سفید ۲ تولہ کیلے کی جڑ میں گل حکمت کر کے کشتہ کر لیں، ۲ تولہ کشتہ ایک سیر قلعی پگھلا کر اس میں ملا دیں اور برابر نقرہ ملا دیں سب چاندی ہو جائے گی

ایک خاص تحفہ!

جس کے مقدر میں ہو گا وہ سمجھ جائے گا اور فائدہ اٹھائے گا ہڑتال طبقی ۱۴ ماشہ شنگرف کی ڈلی ۱۴ ماشہ، دونوں مٹی کے برتن میں رکھ کر شیر مدار ۲ ماشہ ڈالیں اور کٹھلی خورد میں مغز سپول پھل اور پھول کے ۵ تاریں نفدہ بنا کر گل حکمت کر دیں اور چار پہر تک آگ اپلوں کی دیں سرد ہونے پر دیکھیں دونوں اجزا بدستور نظر آئیں گے صاف کر کے پھر شیر مدار اور شیر کیتلی و کناتی پر ڈال کر آنچ دیں اکٹھے آنچ اسی طرح دیں تمام آنچوں میں، لکڑی ایک ہی درخت کی جلائیں اور لکڑی موٹی موٹی نہ ہو زیادہ سے زیادہ انگوٹھے

کے برابر ہوگئی ہوں انشاء اللہ مقصد بر آئے گا۔ دو ماشہ ا تولہ چاندی کو طلاء کرے گا بات نکھارا گئی ہے ا ۱ ۱ ۱ مقدر را نصیب نایاب تحفہ ہے۔ مرتی جاتی دینا ہے کیموالبخل سے کام لیں!

ایک ہی گولی مرد بنا دیتی ہے

کچلہ ا ماشہ۔ ریگ ماہی ۵ ماشہ، زعفران ۵ ماشہ مغز سر کنجشک خانگی ۱۱ عدد، حفیہ مرگ تازہ ۴ عدد، سبقنقور ۵ ماشہ، مومیائی اصلی ا ماشہ اغا کتر سرطان ا تولہ قرص افعی ۲ ماشہ، مشک ۲ ماشہ، عنبر ۳ ماشہ، ورق طلاء ۲۰ عدد، ادرک ادم آب کھ میں کوٹ چھان کر گولی بقدر نخود بنالیں، ایک گولی ہی مرد بنا دیتی ہے۔

ترکیب:۔ قرص افعی بنانے کی یہ ہے

سیاہ سانپ کو کوزہ میں بند کر کے آگ دو جل جائے پر اس کی راکھ اور ثم مدد برابر لے کر ٹکیہ بنالو سے ہے تو نسخہ قیمتی اور وقت طلب مگر مثل مشہور ہے۔ جتنا گڑ ہوتا ہے اتنا ہی میٹھا ہوتا ہے۔

مقوی و ممسک و دافع جریان!

سونٹھ ستاور، بھوبلی، دودھ خشک، سنگھاڑہ کی ملنگ کوٹ کر سفوف میں برابر چینی ملالو پھر آب آکھ میں بقدر کنار دشتی بنالو۔ خوراک اگولی روزانہ۔

پرہیز:۔ از کھٹائی، تیل، مرچ غریبی دوا ہے۔ مگر بڑی قیمتی

★

مرہم آتشک محمودی

مردار سنگ ا تولہ باریک کرلو، روغن زیتون ۲ تولہ میں ملالو، پھر کندر ۲ ماشہ، دم الاخوین ۲ ماشہ، رال ۲ دو دوت کوٹ چھان کر مرہم بنالو اور آتشک کے زخموں پر لگاؤ، سریع الاثر اور مجرب ہے مگر مرہم آب آکھ میں بنالو

طلائے عجیب و غریب

جس کے ایک ہفتہ استعمال سے ہی مرد کی طاقت میں اس قدر اضافہ ہو جاتا ہے کہ بیان سے باہر ہے رات کو لیپ کر کے سو جایا کریں، صبح ہی گائے کے دودھ دھو دیا کریں،

یہ نسخہ ہے،

افیون، جند، بیدستر، دارچینی، عاقرقرحا، میٹھا تیلیا، قرنفل، جوزبو، جاوتری، ہر ایک ۲ ماشہ، مشک ۲ رتی، زعفران ۵ رتی، اجال گوٹہ ا عدد، بیر بہٹی ۳ عدد، بکری کا پتہ ۳ عدد، پارہ ۳ تولہ، عرق آکھ ا تولہ سب دوائیں گدھے کے پیشاب میں پیس لو نسخہ تیار ہے۔ بوقت ضرورت پیس لو۔

مقوی و مغلظ حلوہ

ثعلب مصری ۲ تولہ، چھوہارے ثمار، موصلی سفید ا تولہ، موصلی سیاہ ا تولہ، شقاقل مصری ا تولہ، بہمن سفید ا تولہ، بہمن سرخ ا تولہ کوٹ چھان

کرسیب ولائتی ۱ثار اکدو کش کریں اور گائے کا دودھ ۱ثار میں ملادیں پھر زردی بیضہ ۱۰ عدد نیم برشت گھی میں چرب کریں اور ملادیں جوز بوا ۶ ماشہ، جوتری ۶ ماشہ، مغز ناریل ۴ تولہ، مغز بادام ۲ ثار، مغز فندق ۴ تولہ، مغز پستہ ۴ تولہ بہدانہ ۴ تولہ نیم کوفتہ کریں۔ اور تمام چیزوں کا بطریق معروف حلوا بنائیں مصری کی چاشنی بنا کر آب مدار ۵ تولہ بھی شامل کریں۔

خوراک :- روزانہ ۲ تولہ کھائیں بے انتہا مقوی ہے، مغلظ حلوہ کا حلوہ ہے

حبوب فرنگ

آتشک کے لئے یہ گولیاں تیر بہدف ہیں کتنا ہی پرانا مرض ہو ایک ایک گولی صبح و شام دہی کے ساتھ کھاؤ۔ بیلاوا ۶ عدد نیلا تھوتھا ۶ ماشہ، تخم ہولی ۱ تولہ حب السلاطین ۱۵ عدد، اجوائن ۱ ماشہ اجوائن خراسانی ۱ ماشہ، ہلیلہ زرد ۹ ماشہ برگ سناء ۱ تولہ، شاہترہ ۱ تولہ کوٹ کر آب برگ مدار و قند میں گولیاں نخودی بنالیں مجرب ہے۔

سوزاک کے لئے مجرب تریاق

کافور ۲ تولہ، عرق بادیاں میں گھول کر کے ٹکیہ بنالو اور مٹی کے پیالوں میں گل حکمت کر کے نیچے چراغ میں بتی ڈال کر جلاؤ پیالوں کو آب مدار سے تر کرتے جاؤ۔ سرد ہونے پر اتار لو۔ بتی جب سب ختم ہو جائے جب اتار دو اور ڈالے

پیالے میں جواہر اُڑ کر لگ جائے گا۔ اسے نکال کو، خوراک ا رتی شرخ ہمراہ ایک زردی بیضہ ۱ مرغ نیم برشت میں پھینٹ کر دو۔ دونوں طرح کا یعنی پرانا اور نیا سوزاک ایک ہفتہ میں کافور ہو جاتا ہے۔

پرہیز:۔ تیل، مرچ، کھٹائی سے رکھو!

جوہر اکسیر البدن!

جوہر سرعت انزال جریان کمزوری اور شکایات جلق کو حیرت انگیز سرعت سے دور کرتا ہے، بدن کو کندن بناتا ہے، خوراک کو جزو بدن بنا کر خون صالح پیدا کرتا ہے مادہ فاسد کو خارج کرتا ہے اور قوت باہ اس قدر بڑھاتا ہے کہ بیان کرنے سے شرم حجاب مانع ہے نسخہ آزمودہ اور مجرب ہے بڑے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو یہ نسخہ تیار کر کے استعمال کرتے ہیں۔

نسخہ یہ ہے

پارہ مصفیٰ ۱ تولہ ۸ ماشہ ایشرۂ تلسی میں کھرل کریں، تاکہ پارہ راکھ کی طرح ہو جائے پارہ کی گولیاں بنا لو گوند کے پانی کی مدد سے اور خشک کر لو پھر ایک مٹی کے برتن کو اندر سے چونے سے لیپ دو اور اسے شبنم کے قطرے سے جو صبح کو درختوں کے پتوں پر ہوتے ہیں بھر دو اس میں وہ گولیاں پارے کی رکھو اور منہ چونے سے بند کر دو پھر گل حکمت کر لو اور کوڑے کی جگہ ایک

گڑھا کھود کر دفن کر دو بعد ایک سال کے نکالو۔ برگ مدار پر رکھ کر پھر توڑ کر
دیکھو تو سفید روشن سا نکلے گا۔ ضرورت پر اس سے کچھ لکیر کھینچ کر کھاؤ۔
منٹوں میں آرام آجاوے گا

کشتہ دھاتہ !!

برائے دفع شرعت برائے دفع جریان تریاق بے نظیر ہے۔

نسخہ:- قلعی ۱ تولہ، جست ۱ تولہ، سیسہ ۱ تولہ آگ پر پگھلا کر گائے
کے دودھ اور عرق میں تین مرتبہ ڈالیں دوسرے دن پھر ایسا کریں۔
تیسرے دن پھر جب پگھل جائے تو کڑھائی میں لوہے کی سیخ سے خوب چلائیں
اور سفوف خشخاش چٹکی چٹکی ڈالتے جائیں جو پہلے سے پسی ہوئی تیار ہو جب
یہ راکھ ہو جائے تو کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں پھر آبخورہ میں رکھ کر گل حکمت کریں
اور ۱۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں، رنگ سفید ہو جائے گا۔

خوراک:- ایک سرخ ہمراہ دیں، سات دن ایسا کریں۔ لوہ لاٹ
ہو جائیں گے

آبِ حیات

جو تقریباً تمام امراض میں کار آمد و موثر ہے اس کے بنانے کی ترکیب یہ ہے
کاربالک ایسڈ ۳ ماشہ، کافور ۵ تولہ، اجوائن ۶ ماشے ست پودینہ ۶ ماشہ
ست الائچی ۶ ماشہ، شیشی میں بھر کر رکھ دو کچھ دیر میں روغن ہو جائے گا۔

ڈاٹ لگا کر محفوظ رکھو! بوقت ضرورت استعمال کرو

حب کراماتی فرنگی

ہر قسم کے پھوڑے پھنسی کو گھس کر لگائے۔ گائے کے گھی میں آبلوں کو
بدن کے اور آتشک کی زخموں کو بہت نافع ہے

نسخہ یہ ہے

برگ مار، چونہ، سلاتھوتھا، ہلیلہ زرد، کتھ پپڑیا سب ہم وزن پیس کر
گولیاں بنالیں بوقت ضرورت کام لائیں!

کیمیائے خاص الخاص

ایک پیسہ عالمگیری لے کر اور گرم کر کے اکیس مرتبہ بجھاؤ، روغن نوشادر
میں وزن کریں ہم وزن سیماب ملا کر سحق کریں اور دونوں کو برابر سیاہ
ملائیں پھر عرق گھی کوار سے سحق کریں اور ٹکیاں بنا کر پیالے میں بند کر کے
گل حکمت کریں اور چونے کے بھٹے میں رکھوا دیں سرد ہونے پر نکال لیں
اس میں سے ایک چاول کھانا بھی بنہایت درجہ شہوت انگیز ہے
اسی کشتہ کو اگر سیماب ایک تولہ، صابن آتولہ عنابہ نکاریں سعید سبزہ
مرتا میں کھرل کریں پورے ایک دن ٹکیہ بنا کر لوہے کے ٹکڑے میں رکھ

کر گل حکمت کے بعد آگ دیں اس جوہری اکسیر میں سے ۱۰ سرخ پگھلائے ہوئے تانبہ ۱ تولہ ڈال دیں، اگر مقدار میں ہو گا تو عیش ہی عیش ہے۔

جوڑے کا نسخہ!

لوہ چون فولادی میں نمک لاہوری ملا کر سحق کریں اور دھو ڈالیں دس بار کریں پھر دو پیالوں میں رکھ کر کپڑ مٹ کریں سات دن تک نرم آنچ میں رکھیں تاکہ لوہ چون سفید ہو جائے یہ تانبہ میں ملائیں ایک ہو جائے پر ا تولہ چاندی ۱ تولہ تانبہ گلا کر ملائیں۔ سا ہو گا آنچ برگ مار خشک کی دیں۔

ایک بزرگ کا خواب

جس کے مطابق عمل کرنے سے جوڑہ بن جاتا ہے گندھک ۶ ماشہ، سیماب ۶ ماشہ ملا کر چھ دن شیر مدار میں ملا کر کھرل کرو پھر ریزہ نقرہ کے ساتھ کراہی میں گھی کوار کی راکھ کے درمیان رکھ کر چولہے پر آگ جلاؤ اور سرد ہونے پر برابر کا زر خالص ملا کر چرخ دے تو۔ عمدہ اور نفیس جوڑ ہو جائے گا۔

اطبائے حاذق کا فیصلہ

کہ اعضائے رئیسہ صرف تین ہیں۔

۱۔ قلب تا حیات اس کی حرکت رہتی ہے، مقام روح حیوانی کا۔

۲۔ دماغ۔ منبع روح نفسانی کا اعصاب کا سوکب۔

۳۔ جگر۔ جس سے سب اخلاط بنتی ہیں۔

اکثر اطبائے رئیسہ چار بتلاتے ہیں۔ اور نمبر ۴ پر فوطوں کو شامل کیا ہے۔ بوقت قوت نامیہ کے اول حکیم جالینوس سب قوتوں کی کان قلب ہی ہے عضو کے لئے کان مقرر ہے۔ کوئی سونگھتا ہے۔ کوئی دیکھتا ہے۔ کوئی سنتا ہے سب کا گورنر جنرل فاعل انسان ہے۔ جسم کی حرکتیں دو ہیں والنٹری ارادتاً کان والنٹری بے ارادہ جیسے دل کی حرکت انسان کا دل اس کی بند مٹھی کی برابر ہوتا ہے۔

اسی قطرے خون کے ایک قطرہ مادہ تولید کا بنتا ہے جسے حضرت انسان نہایت فراخ حوصلگی سے ضائع کر کے ضعیفی میں پچھتائے ہے مگر پھر پچھتائے سے کیا ہووت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت انسانیت کے معنی یہ ہیں اور یہی حکیم لقمان کا جواب ہے۔ جب کسی نے پوچھا کہ آپ نے دانائی کہاں سے سیکھی۔ کہا بے وقوفوں سے جس کام سے ان کو نقصان ہوا۔ میں نے اس کے کرنے سے اجتناب کیا۔ مگر آج کل کے نوجوان اپنے مزے

میں مست رہتے ہیں اور کہتے ہیں سے :

مے پی تو سہی توبہ بھی ہو جائے گی زاہد!
کم بخت قیامت ابھی آئی نہیں جاتی

غذا کھانے کے بعد چھیانوے گھنٹے میں رس، رس سے خون اور خون سے، گوشت سے چربی، چربی سے ہڈی، ہڈی سے گودے، گودے سے منی بنتی ہے مزی اور ودی مادہ تولیت کا راستہ صاف کرنے والی دو خادمہ ہیں۔ جو قضیب کے نیچے کے غدود میں رہتی ہیں۔

مادہ تولید خصیوں میں پیدا ہوتا ہے عورتوں کے بھی خصیتے ہوتے ہیں جو رحم کے دونوں جانب ہوتے ہیں۔

حیض کا خون بقول حکیم جالینوس عمر دس سال سے پچاس سال تک آتا ہے جیسا کہ ماطول ہو جیسی طاقت و تندرستی ہو مدت حیض تین دن سے سات دن تک ہے چار ہفتے میں فضلات سب جمع ہو جاتے ہیں پھر بصورت خون نکلتا ہے۔ منوچی کا قول ہے کہ حیض سے فراغت ہو جانے کے بعد جو مرد اپنی عورت سے ہم بستر نہ ہو، وہ خونی ہے، اس نے کسی آنے والی روح کو روک دیا۔

مدت جماع

تیس سال کی عمر سے چالیس سال کی عمر تک کا جماع اولا نجماع، لالچی اور

دلیر پیدا کرتا ہے۔

حکمار کا قول ہے تو یہ ہے کہ فصل میں ایک مرتبہ جماع کرے اس بات کا تو کیا کہنا ہے۔ مگر آج کل اتنا صبر کس میں ہے ہماری رائے میں ہفتے میں ایک بار کرے اس سے زیادہ کیا تو اپنی عمر کو روگ لگا لینا ہے۔ یہ بھی ہماری رائے میں بڑی دلیری ہے۔

حکمار تو اس کے سخت خلاف ہیں مگر غذا بھی تو اچھی عمدہ کھائے تاکہ آمد و خرچ کا حساب برابر ہوتا ہے

نامردی کے اسباب گیارہ ہیں

۱۔ کثرتِ احتلام
۲۔ پیدائش مادہ تولید بکثرت
۳۔ غلبہ ریح درد شکم
۴۔ جلق کی کثرت
۵۔ اغلام کی عادت
۶۔ علّتِ ابنیٰ کی عادت
۷۔ یہ وہم کہ کسی نے مجھ دیا ہے۔!
۸۔ خوف دہشت
۹۔ کمی خوراک
۱۰۔ ترک جماع ایک عرصہ تک!
۱۱۔ بیماری

× × × × × ×

★

روغن شورہ بنانا

شیرہ بھنگ ۲ سیر میں آدھ پاؤ شورہ سحق کریں۔ حتیٰ کہ سب شیرہ جذب ہو جائے پھر ایک روغنی کوزے میں رکھ کر کپڑا لپیٹ کر کمہار کے آوے میں رکھ دو۔ تیلی ہو جائے گا۔ بہوس لوگوں کو شورہ کے تیل کی بڑی جستجو اور تلاش رہتی ہے۔

انڈوں کا تیل بنانا

بیضہ مرغ کی زردی حسب ضرورت کڑچھے میں آگ پر رکھیں۔ جب سیاہ ہو جائے زور سے دبائیں روغن نکل آئے گا حسب ضرورت کام میں لائیں یہی انڈوں کا تیل کہلاتا ہے۔ یہ مقوی بھی ہے اور بال سیاہ کرنے کے کام میں بھی آتا ہے تجربہ کریں

چاندی بنانا

نکل مبلور ۱ تولہ حبت مصطفیٰ ۱ تولہ، تانبہ منقی ۱/۲ تولہ باہم سب کو گلالیں سب چاندی ہو جائیگی اور کوئی نقص نہ دے گا۔

دیگر

سیماب تولہ، نیلہ تھوتھا تولہ، نوشادر ۲ تولہ کھرل - ملاؤ پھر چاندی

میں خوب جوش دو تاکہ سفید ہو جائے یہ ایک ماشہ تانبے میں ملانے
کے لئے کافی ہے مجرب کیا جاتا ہے

خاص صدری نسخہ

کس صاحب کا نسخہ ہے یہ تیار کر کے اپنا مقدر آزما لیجئے وہ
پتھر جس سے قلعی چونا بنتا ہے ۱ تولہ کھرل کر کے رکھو۔ میدہ سا ہو
جائے پھر ایک تولہ پارہ میں کھرل کرو پھر سیر ا بخر ۲ تولہ میں کھرل کر
کے ٹکیہ بناؤ ٹکیہ کھٹائی میں رکھ کر خشک کرو کم از کم ۱۲ سیر اپلوں کی
آگ میں اور دیکھیں اور نرم کرو لیکن ہوا سے بچا کر پھر برتن سے
کھٹائی سے ڈھک دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور دیکھیں کہ غنچہ مقدر
کھلا ہے یا نہیں۔

روغن خضاب لاجواب

ہمارا قابل تعریف نسخہ ہزاروں کا آزمودہ!

برگ حنا سبز نیم خشک اتار دو سمہ نمبر اول ۱ سیر آنولہ تازہ
رفتہ نیم خشک اتار گے تیل تارہ نیم خشک اتارہ وسمہ نمبر اول
ا سیر گنے سے رس ۱۵ سیر میں ملو دو گنے کا رس نہ ملے تو گڑ دو سیر

میں بھگو دو اور گیارہ دن گھوڑے کی لید میں دبا رہ کسی برتن میں رکھو کر بارہویں دن قرنبیق کے ذریعے عرق کھینچیئے۔ تو پھر ۲ ر تولہ عرق روغن چینبلی ۲ ر تولہ حل کر کے لگاؤ۔

بہترین ثابت ہو گا۔!

شیر خوار بچوں کے لئے

متعدد بیماریوں میں مؤثر ہے۔

پودینہ ۱ ر ماشہ، جند سفید تخم دمنفہ ۸ ر ماشہ، ہلیلہ پوست زرد ۸ ر ماشہ ریوند خطائی ۲ ر ماشہ، مرواریدنا سفتہ ۱ ر ماشہ، باریک پیس لیں، ایک سال سے کم عمر والے کو ا رتی دیں۔

بدہضمی، ہرے دست، قے، قبض، سوکھیا کو مفید ہے۔

جوارش زرشک

ہاضمہ کی خالص دوا ہے بھوک لگاتی ہے کھانا ہضم کرتی ہے

۶ ر ماشہ روزنہ کھاؤ۔

نسخہ:۔ زرشک ۱۴ ر ماشہ، گل سرخ ۷ ر ماشہ، بالچھڑ پودینہ اگر پوست ترنج، لونگ، مصطگی دانہ الائچی خورد، کلاں، تیز پات۔

ہر ایک ۳ ماشہ، مصری پاؤ بھر، شربت انار شیریں ۱۲ تولے جوارش تیار کریں

حب بنفشہ

فضلات، دماغ و سینہ کو خارج کرتی ہے، کھانسی اور گرمی کے درد سر میں بھی بے انتہا مفید ہے

خوراک:۔ ۲ گولی کاسنی کے تازہ عرق کے ساتھ دیں!

بنفشہ ۱۲ ماشہ، تربد سفید ۹ ماشہ، حب آلاس ۱۲ ماشہ، سقمونیا ۱۰ ماشہ، کوٹ چھان کر کاسنی کے عرق کے ساتھ گولیاں سقمونیا ۱۰ ماشہ، کوٹ چھان کر کاسنی کے عرق کے ساتھ گولیاں بنائیں۔ اور بوقت ضرورت استعمال کریں،

حب صرع

یہ فقیری چٹکلہ بڑا مجرب ہے یقینی طور پر مفید ہے۔

نسخہ:۔ بچھوے کا خون ۱ تولہ، جو کا آٹا ۱ تولہ شہد خالص ۱ تولہ سب کو کھرل کریں اور چنے کے برابر کی گولیاں بنائیں ایک گولی صبح ایک شام استعمال کرائیں۔

عرق بادیاں کے ساتھ یہ نسخہ مرگی کو شفا دیتا ہے۔

دینی اور درسی کتابوں کا مرکز
قرآن مجید احادیث
اور دیگر دینی کتب نیز سکول کی کتابیں،
کاپیاں، خلاصے، ٹیسٹ پیپرز
گائیڈز اور سامان سٹیشنری
وغیرہ ہر قسم
فینسی اور
دیدہ زیب
عید
کارڈوں
کا واحد
مرکز
ہر
قسم کے
رسالے
ڈائجسٹ
دیگر
فینسی اور
تھوک و پرچون خریدنے کیلئے
تشریف لائیں
کھوکھر بک سٹال مسلم بازار گجرات